ABC CERTIFEID
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | بدھ 15 جولائی 2026ء 29 محرم الحرام 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 314

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

حملوں کی مذمت، سعودیہ کیساتھ ہیں، امن کوششوں کی حمایت جاری رکھیں گے، شہباز شریف

اس طرح کے قابلِ مذمت اقدامات سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی، خطے کے امن واستحکام کو مزید نقصان پہنچانے کا خدشہ ہے

پاکستان سعودی عرب کی سلامتی کے لیے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتا اور اس نازک گھڑی میں برادر ملک کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے پاکستان گزشتہ رات برادر ملک سعودی عرب پر کیے گئے کھلے حملوں کی شدید مذمت کرتا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے بیان میں کہا کہ اس طرح کے قابلِ مذمت اقدامات سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی ہیں، ان اقدامات سے خطے کے امن واستحکام کو مزید نقصان پہنچانے کا خدشہ ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان، فوج، ایف سی، پولیس کا مشترکہ آپریشن، مزید 4 دہشتگرد ہلاک

آپریشن شعبان میں ہلاک دہشتگردوں کی تعداد 83 ہوگئی، 5 جولائی سے ابتک آپریشنز میں 121 دہشت گرد ہلاک ہو چکے

زمینی کارروائیوں میں نشانہ بنایا جا رہا، آخری دہشتگرد کے خاتمے تک آپریشن شعبان جاری رہے گا، سکیورٹی ذرائع

کوئٹہ (صباح نیوز) پاک فوج، ایف سی اور پولیس کا مشترکہ آپریشن شعبان جاری ہے، مزید 4 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن شعبان میں ہلاک دہشتگردوں کی مجموعی تعداد 83 ہوگئی جبکہ 5 جولائی سے اب تک آپریشن شعبان اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

پنجاب اسمبلی میں فضل الرحمن کے بیان کے خلاف مذمتی قرارداد جمع

شہدائے وطن کو خراج عقیدت

پاکستان کے شہداء نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر ملک کی سلامتی، خودمختاری اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنایا، قرارداد

شہداء کی عظیم قربانیاں قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں اور انہیں کسی بھی مادی مفاد یا تنخواہ سے جوڑنا نامناسب ہے، متن

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب اسمبلی میں جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کے حالیہ بیان کے خلاف ایک اور مذمتی قرارداد جمع کرادی گئی۔ قرارداد مسلم لیگ (ن) کی رکن راحیلہ خادم حسین نے اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کروائی، جس میں شہداء (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

امریکہ اسرائیل کے حملے، ایران کا بھرپور جواب، ہرمز فیس کا فیصلہ واپس

سرمایہ کاری اور تجارتی معاہدوں کو ترجیح دینگے، ٹرمپ

امریکہ کا ایرانی شہر اندیمشک اور دو جزیروں کیش اور قشم میں حملہ، جواب میں کویت اور بحرین میں امریکی فوج کے اسلحہ ذخیرہ گاہوں اور فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا ہے، پاسدارانِ انقلاب

فیس کے بجائے خلیجی ممالک امریکا میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کریں گے اور دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے کے لیے نئے معاہدے کیے جائیں گے، امریکی صدر

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی حملوں کے جواب میں کویت اور بحرین میں واقع متعدد امریکی فوجی تنصیبات کو میزائل حملوں کا نشانہ بنایا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ایران کی پاسدارانِ انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے کویت اور بحرین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر ٹرمپ نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تجارتی جہازوں پر اپنے 20 فیصد امریکی سکیورٹی فیس کی جگہ سرمایہ کاری اور تجارتی معاہدوں کو ترجیح دینے کا اعلان کر دیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹروتھ سوشل پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

انقرہ، ترک صدر رجب طیب اردگان سے فیلڈ مارشل عاصم منیر ملاقات کر رہے ہیں

ماجد ستی قتل کیس، فرخ کھوکھر سمیت 3 ملزمان کو عمر قید

سخت ترین سیکیورٹی حصار میں فرخ کھوکھر کو اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا

راولپنڈی (صباح نیوز) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے ماجد ستی قتل کیس میں مرکزی ملزم فرخ کھوکھر کو عمر قید کی سزا سنا دی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج افشاں اعجاز صافی نے فیصلہ سنایا، فرخ کھوکھر کو کمرہ عدالت سے گرفتار ہتھکڑیاں لگا دی گئیں۔ عدالت نے سخت ترین سیکیورٹی حصار میں فرخ کھوکھر کو اڈیالہ جیل بھیجنے کا حکم دیا، شہر کی مشہور شخصیت تاجی کھوکھر کے بیٹے فرخ کھوکھر کو سزا کے بعد کمرہ عدالت سے گرفتار کرلیا گیا۔ ملزمان پر ماجد ستی کو 23 اگست 2022 کو بے دردی سے قتل کرنے کا الزام ہے، تھانہ صادق آباد پولیس نے مقدمہ درج کیا تھا۔ فرخ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

خواتین کا اعتماد اور تعاون BISP کی بہتری کیلئے نہایت اہم، روبینہ خالد

کسی بھی خاتون کو دھمکیوں یا افواہوں سے خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں، بلاخوف وخطر اپنی شکایات درج کرائیں

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی لائیو ای۔ کچہری، مستحقین خواتین کی شکایات پر احکامات جاری

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز میں بی آئی ایس پی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

جماعت اسلامی، لیاقت بلوچ کی سربراہی میں کشمیر امن جرگہ تشکیل

آزاد کشمیر میں انتخابات کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا لیکن عوامی مسائل کی بھی بے پناہ اہمیت، نائب امیر

امن جرگہ وزیراعظم، صدر مملکت، پاکستانی ریاستی مقتدر شخصیات سے رابطے اور ملاقاتیں کرے گا، اجلاس میں فیصلہ

اسلام آباد، نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ کی سربراہی میں آزاد کشمیر کمیٹی اجلاس ہو رہا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) جماعت اسلامی پاکستان کی طرف سے آزاد جموں وکشمیر کی موجودہ صورتحال کے تناظر میں تشکیل دی گئی کشمیر کمیٹی نے "امن جرگہ" تشکیل دے دیا ہے، امن جرگہ وزیراعظم، صدر مملکت، پاکستانی ریاستی مقتدر شخصیات سے رابطے اور ملاقاتیں کرے گا، جرگہ آزاد جموں وکشمیر کی حکومت، سیاسی جماعتوں، دینی قیادت اور جوائنٹ ایکشن کمیٹی سے بھی ملاقاتیں/ رابطے کرے گا۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان کی طرف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

شہداء کے لہو سے لکھی تاریخ نہیں مٹ سکتی، طارق فضل

محافظوں اور شہدا کا احترام مشترکہ ذمہ داری ہے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ محافظوں اور شہدا کا احترام مشترکہ ذمہ داری ہے، اختلاف رائے حق، مگر محافظوں اور شہدا کا احترام مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ایک بیان میں طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پاک فوج صرف ادارہ نہیں، قومی وقار، سلامتی اور بقا کی علامت ہے، ہماری پرسکون نیند اور آزادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

فضل الرحمان کا بیان شہداء کی توہین ہے، وزیر دفاع

خواجہ آصف کی مولانا فضل الرحمان کے غیر ذمہ دارانہ بیان پر سخت تنقید

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر دفاع خواجہ آصف نے مولانا فضل الرحمان کے حالیہ بیان کو شہداء کی قربانی کی توہین قرار دے دیا۔ ایک بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان ایک کہنہ مشق سیاست دان اور ممتاز مذہبی رہنما ہیں، ان سے الفاظ کے انتخاب میں زیادہ ذمہ داری کی توقع کی جاتی ہے، فوجی جوانوں کی وطن کیلئے قربانی کو انکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

اوورسیز پاکستانی ملک کا قیمتی اثاثہ ہیں، سید یوسف رضا گیلانی

سرمایہ کاری، جدید ٹیکنالوجی، عالمی منڈیوں سے جوڑنے میں بھی کلیدی کردار ادا کر رہے ہے

ممتاز کاروباری رہنماؤں پر مشتمل وفد کے اعزاز میں دیے گئے ظہرانے سے خطاب

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کا اوورسیز پاکستانی کاروباری برادری سے مضبوط شراکت داری، سرمایہ کاری اور معاشی تعاون کے فروغ پر زور چیئرمین سینیٹ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانی ملک کا قیمتی اثاثہ اور پاکستان کے حقیقی سفیر ہیں، جو اپنی دیانت، محنت، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور کاروباری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

اسحاق ڈار سے بنگلہ دیشی وزیر سماجی بہبود کی ملاقات

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے بنگلہ دیش کے وزیر سماجی بہبود ڈاکٹر زاہد حسین نے ملاقات کی ہے، ملاقات میں پاکستان اور بنگلہ دیش کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی ممتاز کاروباری رہنماؤں پر مشتمل وفد کے اعزاز میں کی تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر قاسم نون سے فاروق ستار کی قیادت میں ایم کیو ایم کا وفد ملاقات کر رہا ہے

چیئرمین کشمیر کمیٹی قاسم نون سے ایم کیو ایم وفد کی ملاقات

کشمیر کے معاملے پر قومی یکجہتی، اتفاقِ رائے وقت کی اہم ضرورت ہے، فاروق ستار

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) وفاقی وزیر و چیئرمین پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر، رانا محمد قاسم نون نے آج پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر کے دفتر میں ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما و رکنِ قومی اسمبلی ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی۔ اس موقع پر سابق وفاقی وزیر امین الحق، زاہد ملک، شاہ فیصل اور سندس ملک بھی موجود تھیں۔ ملاقات کے دوران رانا محمد قاسم نون نے مسئلہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

ایران ہمیشہ اہم آبی گزرگاہ کا محافظ رہا ہے، عباس عراقچی

تہران (آئی این پی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس اعلان پر ردِعمل دیا ہے جس میں انہوں نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تمام تجارتی کارگو پر 20 فیصد فیس عائد کرنے کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

ہرمز، محفوظ بحری آمدورفت مشترکہ مفاد میں ہے، چین

تنازعات کو بات چیت، سفارتی کوششوں اور پرامن ذرائع سے حل کرنے پر زور

بیجنگ (صباح نیوز) چین نے آبنائے ہرمز کی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے امریکا، ایران اور دیگر متعلقہ فریقوں پر زور دیا ہے کہ وہ خطے میں کشیدگی بڑھانے سے گریز کریں اور اختلافات کو مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے حل کریں۔ غیر ملکی خبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

سونے کی قیمت میں 5600 روپے فی تولہ کی کمی

کراچی (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں آج بھی سونے کی قیمت میں 5 ہزار روپے سے زائد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق ملک بھر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

ٹیلی نار کے یوفون میں انضمام کرنے کی منظوری

ٹیلی نار اثاثے، جائیدادیں، حقوق اور واجبات یوفون کو منتقل ہو جائیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ٹیلی نار پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ کے پاک ٹیلی کام موبائل لمیٹڈ (یوفون) میں انضمام کی منظوری دے دی۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے درخواست منظور کرنے کا فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ ٹیلی نار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

پنجاب، سرکاری گندم کا اجراء، نرخ 3800 فی من مقرر

وقت گزرنے کیساتھ نرخ میں بتدریج مزید کمی لائی جائے گی، ڈی جی فوڈ امجد حفیظ

لاہور (صباح نیوز) ڈائریکٹر جنرل خوراک پنجاب امجد حفیظ نے بتایا ہے کہ صوبے میں گندم، آٹے اور روٹی کی قیمتوں کو مستحکم رکھنے کے لیے سرکاری گندم ذخائر کے اجراء کا آغاز کر دیا گیا ہے اور سرکاری گندم 3,800 روپے فی 40 کلوگرام کے نرخ پر جاری کی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس نرخ میں بتدریج مزید کمی لائی جائے گی۔ اس سلسلے میں پاسکو (PASSCO) کی ایک ملین میٹرک ٹن گندم بھی حکومتِ پنجاب کے محکمہ خوراک کو منتقل کی جا رہی ہے تاکہ صوبے میں گندم کی وافر دستیابی ہر صورت یقینی بنائی جا سکے۔ وزیراعلیٰ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

غزہ، انتظامی امور قومی کمیٹی کے سپرد کرنے کی تیاریاں

غزہ (صباح نیوز) غزہ کی انتظامیہ قومی کمیٹی کے حوالے کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جنگ بندی کی کامیابی اور اسرائیلی بہانوں کے خاتمے کی ایک سنجیدہ کوشش 6 جولائی کو غزہ میں قائم سرکاری میڈیا آفس (جو سابقہ حکومتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

آبنائے ہرمز جنگ یا دباؤ سے نہیں کھلے گی، ایران

مسلح افواج مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹیں گی، بریگیڈیئر جنرل محمد اکرمینیا

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران نے واضح کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کو جنگ، امریکی دباؤ یا فوجی کارروائیوں کے ذریعے دوبارہ نہیں کھولا جا سکتا، بلکہ اس کے لیے ایرانی عوام کے حقوق اور ایران کے مؤقف کا احترام ضروری ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے تسنیم کے مطابق ایرانی فوج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل محمد اکرمینیا نے کہا ہے کہ ایران کی مسلح افواج آبنائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے سپین کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

شہدا اور غازی ہماری آزادی کے ضامن ہیں، خالد مقبول

مجاہدوں کی خدمت پر سوال اٹھانا ملک اور ملت کیساتھ بڑی زیادتی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) عالمِ اسلام اور اقوامِ عالم میں پاکستان کی قدر و قیمت اور وقار افواجِ پاکستان کے طفیل ہے، پاکستان کی سرحدوں کی حفاظت کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے قوم کے ماتھے کا جھومر ہیں، ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر مقبول صدیقی نے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ زندہ قومیں جان نثار کرنے والوں کو قوم کا محسن شمار کرتی ہیں، ہمارے شہدا اور غازی ہماری آزادی کے ضامن ہیں، ڈاکٹر خالد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

فضل الرحمان قوم، شہداء کے لواحقین سے معذرت کریں، فیاض چوہان

تنخواہ لینے کو شہادت کی عظمت سے جوڑنا تاریخی اور دینی حقائق کے بھی منافی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی ترجمان فیاض الحسن چوہان نے جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے حالیہ بیان پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج کے شہداء اور سکیورٹی فورسز کی قربانیوں پر سوال اٹھانا پوری قوم کے جذبات کو مجروح کرنے کے مترادف ہے، پاک فوج کے جوان تنخواہ کے لیے نہیں بلکہ وطن، قوم اور آئندہ نسلوں کے محفوظ مستقبل کے لیے اپنی جانیں قربان کرتے ہیں، مولانا فضل الرحمان کے حالیہ ریمارکس سے نہ صرف پاک فوج بلکہ شہداء کے خاندانوں اور پوری پاکستانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

فیصلے قومی مفاد کے!

معیشت، سیاست اور عوامی زندگی سے جڑی ہوئی ہے بے یقینی سے پورا نظام متاثر ہوتا ھے

سیاسی جماعتیں اور ان کی قیادت پوائنٹ سکورنگ والا رویہ ترک کریں صیح کو صیح اور غلط کو غلط کہیں

سیاست سے بالاتر اور قومی مفاد کے فیصلے ہی خوشحالی اور ترقی لا سکتے ہیں

پاکستان اس وقت ایک ایسے دوراہے پر کھڑا ہے جہاں معیشت، سیاست اور عوامی زندگی ایک دوسرے سے اس طرح جڑی ہوئی ہیں کہ کسی ایک شعبے میں پیدا ہونے والی بے یقینی پورے نظام کو متاثر کرتی ہے۔ معاشی استحکام صرف اعداد وشمار کا کھیل نہیں بلکہ عوام کے اعتماد، سیاسی استحکام، پالیسیوں کے تسلسل اور اداروں کی مضبوطی کا بھی نام ہے۔

بدقسمتی سے گزشتہ چند برسوں میں سیاسی کشیدگی نے ملکی معیشت کو شدید دباؤ میں رکھا ہے۔ حکومتیں بدلتی رہیں، پالیسیاں تبدیل ہوتی رہیں اور سرمایہ کار انتظار کی کیفیت میں رہے۔ جب سیاسی ماحول غیر یقینی کا شکار ہو تو ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری متاثر ہوتی ہے، صنعتوں کی توسیع رک جاتی ہے، روزگار کے مواقع محدود ہو جاتے ہیں اور کاروباری سرگرمیوں کی رفتار سست پڑ جاتی ہے۔

پاکستان کی معیشت کو درپیش چیلنجز کسی ایک حکومت یا ایک جماعت کی پیداوار نہیں بلکہ کئی دہائیوں سے جمع ہونے والے ساختی مسائل کا نتیجہ ہیں۔ کمزور ٹیکس نظام، درآمدات پر انحصار، برآمدات میں سست روی، توانائی کے بڑھتے ہوئے اخراجات، قرضوں کا بوجھ اور مالیاتی نظم و ضبط کی کمی وہ عوامل ہیں جنہوں نے اقتصادی ترقی کی رفتار کو متاثر کیا ہے۔

ایسے حالات میں سیاسی اختلافات کو دشمنی میں تبدیل کرنے کے بجائے قومی مفاد کو مقدم رکھنا ناگزیر ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں حکومتیں بدلتی ہیں لیکن بنیادی معاشی پالیسیاں، سرمایہ کاری کے تحفظ اور کاروباری ماحول میں تسلسل برقرار رہتا ہے۔ یہی تسلسل سرمایہ کاروں کو اعتماد دیتا ہے اور معیشت کو مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے۔

پاکستان کو بھی ایک ایسی قومی اقتصادی پالیسی کی ضرورت ہے جس پر تمام بڑی سیاسی جماعتیں کم از کم بنیادی اصولوں پر اتفاق کریں۔ زراعت، صنعت، آئی ٹی، معدنیات، سیاحت اور برآمدات کے شعبوں میں طویل المدتی منصوبہ بندی کی جائے تاکہ ہر نئی حکومت پچھلی پالیسیوں کو ختم کرنے کے بجائے ان میں بہتری لا سکے۔

مہنگائی، بے روزگاری اور قوتِ خرید میں کمی نے عام شہری کی زندگی کو مشکل بنا دیا ہے۔ تنخواہ دار طبقہ ہو یا چھوٹا تاجر، ہر طبقہ معاشی دباؤ محسوس کر رہا ہے۔ ایسے میں ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو ریلیف دینے کے ساتھ ساتھ ایسے اقدامات کرے جو کاروبار کو فروغ دیں، نوجوانوں کو روزگار فراہم کریں اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا کریں۔

بین الاقوامی مالیاتی اداروں سے تعاون اپنی جگہ ایک حقیقت ہے، مگر پائیدار معاشی خودمختاری صرف اسی وقت حاصل ہوسکتی ہے جب ملکی وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جائے، ٹیکس نیٹ کو وسعت دی جائے، سرکاری اخراجات میں کفایت شعاری اپنائی جائے اور بدعنوانی کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ سیاسی استحکام اور معاشی ترقی ایک دوسرے کے لیے لازم وملزوم ہیں۔ جب سیاسی درجہ حرارت مسلسل بلند رہے تو سرمایہ کار محتاط ہو جاتے ہیں، ترقیاتی منصوبے سست پڑ جاتے ہیں اور عالمی مالیاتی ادارے بھی اضافی خطرات کو مدنظر رکھتے ہیں۔ اس کے برعکس جب سیاسی ماحول میں برداشت، مکالمہ اور اتفاقِ رائے کو فروغ ملتا ہے تو معیشت بھی اعتماد کے ساتھ آگے بڑھتی ہے۔

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ سیاسی قیادت الزام تراشی سے آگے بڑھ کر قومی معیشت کو اولین ترجیح دے۔ اختلافات جمہوریت کا حسن ہیں، لیکن اگر یہی اختلافات معاشی فیصلوں کو یرغمال بنا لیں تو نقصان پورے ملک اور اس کے عوام کو اٹھانا پڑتا ہے۔

پاکستان کے پاس وسائل کی کمی نہیں، کمی اگر ہے تو مستقل مزاج پالیسیوں، سیاسی ہم آہنگی اور اجتماعی قومی وژن کی۔ اگر ہم معیشت کو سیاست سے بالاتر رکھتے ہوئے قومی مفاد میں فیصلے کرنے کی روایت قائم کر لیں تو پاکستان نہ صرف معاشی بحرانوں سے نکل سکتا ہے بلکہ خطے کی ایک مضبوط اور مستحکم اقتصادی قوت کے طور پر بھی ابھر سکتا ہے

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

واشک، پنجابی مزدوروں کی ٹارگٹ کلنگ!

فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے بلوچستان کے ضلع واشک کے علاقے ماشکیل میں دکان پر کام کرنے والے پانچ پنجابی مزدوروں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر گذشتہ روز بے دردی سے قتل کر دیا۔ اسی طرح بونیر میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے محکمہ انسدادِ دہشت گردی (سی ٹی ڈی) کا ایک سب انسپکٹر شہید ہوگیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان میں دہشت گردی کے ان افسوسناک واقعات کی مذمت کرتے ہوئے باور کرایا ہے کہ ایسے مذموم واقعات دہشت گردی کے خاتمہ کے لیئے ہمارے عزم کو کمزور نہیں کر سکتے۔

یہ امر واقع ہے کہ دہشت گرد عناصر پاکستان کے امن، قومی یکجہتی اور ریاستی رِٹ کو نقصان پہنچانے کے لیے مسلسل سرگرم ہیں۔ نہتے مزدوروں کو صرف ان کی شناخت کی بنیاد پر نشانہ بنانا انسانیت، مذہب اور تمام اخلاقی اقدار کے منافی ہے جس کا مقصد خوف و ہراس پھیلانا اور مختلف صوبوں کے عوام کے مابین نفرت پیدا کرنا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اسی تناظر میں باور کرایا ہے کہ دہشت گردی کے یہ حملے اس ناسور کے خاتمے کے قومی عزم کو متزلزل نہیں کر سکتے۔ یہ امر واقع ہے کہ پاکستان نے گزشتہ دو دہائیوں میں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے شمار جانوں کی قربانی دی ہے اور اس کے نتیجے میں دہشت گردوں کی کمر ٹوٹ گئی تاہم دہشت گرد گروہ اب بھی بھارت اور افغان طالبان رجیم کی سرپرستی، مالی معاونت اور سرحد پار محفوظ پناہ گاہوں سے فائدہ اٹھا کر اپنی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ دہشت گرد تنظیمیں درحقیقت بھارتی پراکسیز کا کردار ادا کرتے ہوئے پاکستان کے خلاف سرگرم ہیں جنہیں افغان سرزمین میسر آنے کی وجہ سے اپنی کارروائیوں کی منصوبہ بندی اور عملدرآمد میں سہولت حاصل ہوتی ہے۔ اگر ہمسایہ ملک کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہوتی رہے گی تو خطے میں پائیدار امن کا خواب کبھی شرمندۂ تعبیر نہیں ہو سکے گا۔ اس تناظر میں عبوری افغان حکومت پر بھی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنی سرزمین کسی بھی ملک بالخصوص پاکستان، کے خلاف استعمال نہ ہونے دے اور دہشت گرد گروہوں کے خلاف مؤثر اقدامات اٹھائے۔

بے شک پاکستان کی سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے دوسرے ادارے بشمول انٹیلی جنس ادارے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے شب و روز مصروفِ عمل ہیں اور بلوچستان میں جاری اپریشن شعبان اسی سلسلہ کی کڑی ہے۔ ان اداروں کے افسروں اور جوانوں کی قربانیاں پوری قوم کا سرمایہ ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کو مزید مربوط، مؤثر اور فیصلہ کن بنایا جائے، سرحدی نگرانی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے اور دہشت گردوں کے سہولت کاروں کے خلاف بھی بلا امتیاز کارروائی کی جائے جس کے لیئے قوم کا سکیورٹی فورسز کے ساتھ ہم آہنگ ہونا ضروری ہے۔

بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات اس امر کے متقاضی ہیں کہ قومی سطح پر اتحاد، سیاسی ہم آہنگی اور ریاستی اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کو فروغ دیا جائے۔ دہشت گردی کسی ایک صوبے یا قومیت کا نہیں بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے۔ پنجابی مزدور ہوں، بلوچ شہری ہوں، پشتون اہلکار ہوں یا کسی بھی علاقے کے باشندے۔ دہشت گردوں کی گولی ہر پاکستانی کے دل میں اترتی ہے۔

اس تناظر میں یہ حقیقت نظرانداز نہیں کی جا سکتی کہ امن صرف بیانات سے نہیں بلکہ مسلسل، جامع اور بے لاگ اقدامات سے قائم ہوتا ہے۔ ریاست کو دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کے خلاف ہر سطح پر مؤثر حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی تاکہ پاکستان کی سلامتی، عوام کے جان و مال کا تحفظ اور ریاست کی رِٹ ہر قیمت پر یقینی بنائی جا سکے۔ دہشت گردی کے مکمل قلع قمع سے ہی ملک میں پائیدار امن، استحکام اور قومی ترقی کی راہ ہموار ہوسکتی ہے۔

خلیجی ممالک کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہوکر بات کرنی چاہیے!

ملکہ کوہسار
امتیاز احمد عباسی
Sheharnama@gmail.com

امریکا کی ایران کے خلاف بڑھتی ہوئی کارروائیاں امن کی کوششوں کو مشکل تر بناتی جا رہی ہیں اور ان کی وجہ سے پاکستان سمیت ثالثی اور قیامِ امن کی کوششیں کرنے والے تمام ممالک کی مشکلات میں بھی اضافہ ہونے کا امکان ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے ایران کے خلاف تین روز کے دوران حملوں کے تیسرے مرحلے میں تقریباً 140 ایرانی فوجی اہداف کو نشانہ بنایا۔ امریکی فوج کے مطابق، یہ کارروائیاں آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں پر ہونے والے حملوں کے ردِعمل میں کی گئیں۔ سینٹ کام کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ کارروائی کے دوران زمینی اور بحری اڈوں سے پرواز کرنے والے جنگی طیاروں، ڈرونز اور امریکی بحری جہازوں سے جدید اور انتہائی درست ہتھیار استعمال کیے گئے۔ بیان کے مطابق، حملوں میں ایران کے میزائل اور ڈرون تنصیبات، بحری اثاثے، اسلحہ گودام، مواصلاتی مراکز اور ساحلی نگرانی کے نظام کو نشانہ بنایا گیا۔ تین راتوں پر مشتمل ان کارروائیوں میں مجموعی طور پر 300 سے زائد اہداف کو نشانہ بنایا جا چکا ہے۔ سینٹ کام کے مطابق، ان حملوں کا مقصد ایران کی اس صلاحیت کو کمزور کرنا ہے جس کے ذریعے وہ آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں اور بین الاقوامی بحری نقل و حمل کو خطرے میں ڈال سکتا ہے۔

سوشل میڈیا پر اپنے بیان کے ساتھ باقر قالیباف نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کا ایک عکس بھی لگایا جس میں لکھا ہے کہ اس مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہونے کے بعد، اسلامی جمہوریہ ایران اپنی بھرپور کوششوں کے ذریعے اس بات کے انتظامات کرے گا کہ خلیج فارس سے بحیرہ عمان اور بحیرہ عمان سے خلیج فارس جانے والے تجارتی جہاز صرف 60 دن تک بغیر کسی فیس یا چارج کے محفوظ طریقے سے آمد و رفت کر سکیں گے۔

ادھر، پاسدارانِ انقلاب کی بحریہ نے اعلان کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کو اگلے حکم تک مکمل طور پر بند کر دیا گیا ہے۔ بحریہ نے اپنے بیان میں کہا کہ آبنائے ہرمز میں غیر ملکی مداخلت اور جہاز رانی کے لیے مبینہ طور پر غیر قانونی راستہ مقرر کرنے کی کسی بھی کوشش کا سخت جواب دیا جائے گا۔ متعدد بحری جہازوں نے انتباہ کے باوجود اپنا رخ درست نہیں کیا اور منظور شدہ بحری راستے پر منتقل ہونے کی ہدایات نظر انداز کیں، ایک بحری جہاز نے اپنے شناختی اور نگرانی کے نظام بند کر دیے تھے جس سے سمندری سلامتی کو خطرہ لاحق ہوا، انتباہی فائرنگ کے بعد اس جہاز کو روک لیا گیا۔ پاسدارانِ انقلاب کے مطابق، جب تک علاقے میں امریکی مداخلت ختم نہیں ہوتی کسی بھی بحری جہاز کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، اگر ایران کے خلاف نیا حملہ یا خلاف ورزی کی گئی تو اس کا بھرپور جواب دیا جائے گا، جس میں خطے میں موجود دشمن کے نئے اڈوں کو نشانہ بنانا بھی شامل ہوسکتا ہے۔

واضح طور پر نظر آ رہا ہے کہ یہ صورتحال امریکا کی ان کارروائیوں کے نتیجے میں پیدا ہوئی ہے جن کے بارے میں ایرانی قیادت کی جانب سے پہلے ہی تحفظات کا اظہار کیا جا رہا تھا۔ امریکا طاقت کے نشے میں ہے اور ہر معاملے کو طاقت سے حل کرنا چاہتا ہے لیکن زمینی حالات اور حقائق سے اندازہ ہوتا ہے کہ بدلی ہوئی دنیا میں امریکا کے لیے یہ ممکن نہیں ہوسکتا کہ وہ طاقت کے زور پر اپنی ہر بات منوا لے۔ یہ بات امریکی انتظامیہ کو جتنی جلد سمجھ آ جائے اتنا ہی بہتر ہوگا ورنہ ایران اور مشرقِ وسطیٰ کے ساتھ ساتھ امریکا کے لیے بھی بہت سے مسائل پیدا ہوں گے اور عالمی سطح پر پھیلنے والی بد امنی، مہنگائی اور کساد بازاری کی ذمہ داری بھی امریکا کے کھاتے میں ہی پڑے گی کیونکہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کی خلاف ورزی امریکا کی طرف سے کی گئی ہے اور یہ سلسلہ جلد رکتا نظر نہیں آ رہا۔

ایران نے ردِعمل کے طور پر امریکی مفادات اور اڈوں کو نقصان پہنچانے کے لیے جو حملے کیے ہیں ان پر خلیجی ممالک سعودی عرب، عمان اور کویت نے شدید مذمت کرتے ہوئے انھیں علاقائی سلامتی، خودمختاری اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ سعودی وزارتِ خارجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ ایران کا رویہ خطے کے امن و استحکام کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ ایران کی جانب سے تجارتی جہازوں پر حملے اور بحری راستوں کو نشانہ بنانا اقوام متحدہ کے چارٹر، اسلامی تعاون تنظیم کے اصولوں اور بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہے۔ عمان نے بھی اپنے علاقے پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے ناقابلِ قبول قرار دیا ہے۔ ادھر، کویت کی وزارتِ خارجہ نے بھی ایرانی حملوں کو ملکی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی کھلی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔

اس صورتحال میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس میں دونوں رہنماؤں نے خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے مطابق کشیدگی میں کمی اور تحمل کا راستہ اختیار کیا جائے، خطے میں پائیدار امن و استحکام کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری مؤثر راستہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان خطے میں امن و استحکام کے لیے تعمیری کردار جاری رکھنے کے لیے تیار ہے۔ علاوہ ازیں اسحاق ڈار سے سعودی سفیر نواف بن سعید احمد المالکی نے ملاقات کی جس میں تازہ ترین علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

موجودہ صورتحال میں پاکستان کا کردار یقیناً بہت اہمیت کا حامل ہے لیکن یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ جب تک امریکا طاقت کے زعم سے نکل کر مذاکرات کی میز پر نہیں آتا تب تک مسائل پوری طرح حل نہیں ہو سکتے۔ یہاں یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ ایران کی طرف سے مشرقِ وسطیٰ میں موجود ممالک کو نشانہ نہیں بنایا جا رہا بلکہ وہاں موجود امریکی مفادات اور اڈوں پر ردِعمل میں حملے کیے جا رہے ہیں۔ یہ صورتحال ایک جامع مشاورتی عمل کا تقاضا کرتی ہے جس کے لیے پاکستان، ایران اور ترکیہ کے علاوہ تمام خلیجی ممالک کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہوکر بات کرنی چاہیے

دائروں کے بیچ گھومتا معاشرہ!

تعمیری سوچ
مختار چودھری

دائرے میں گھومنے والوں کو کبھی منزل نہیں ملتی، اگر سمت درست کرنی ہو تو سب سے پہلے اس دائرے کو توڑنا پڑتا ہے، سوال یہ ہے کہ یہ دائرہ ٹوٹے گا کیسے؟ یہی وہ سوال ہے جس پر سنجیدگی سے غور کی ضرورت ہے۔

پاکستان میں آج جس سے بھی بات کیجئے، وہ اپنے سوا ہر شخص کو مسائل کا ذمہ دار ٹھہراتا ہے۔ ریاستی اداروں میں بیٹھے افسر اور ملازمین سے پوچھیں تو وہ سیاست دانوں کی مداخلت کا شکوہ کرتے ہیں، اور یہ شکایت مکمل طور پر بے بنیاد بھی نہیں، کیونکہ ہمارے ہاں سیاسی مداخلت نے اداروں کی کارکردگی کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ سیاست دانوں سے بات کیجیے تو وہ اپنی بے بسی بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ایک طرف ہمیں طاقتور کام نہیں کرنے دیتے تو دوسری طرف عوام کی کمزوریاں گنوانا شروع کر دیتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ لوگ ووٹ کے بدلے پیسے لیتے ہیں، ذاتی مفادات کو قومی مفاد پر ترجیح دیتے ہیں، کام نہ ہونے پر ناراض ہو جاتے ہیں، خوشامد بھی کرتے ہیں اور موقع پرستی بھی۔ اس میں بھی حقیقت کا ایک پہلو ضرور موجود ہے۔ جب رخ عوام کی طرف موڑیں تو شکایات کا ایک اور انبار سامنے آ جاتا ہے۔ عوام کا مؤقف ہے کہ اس ملک کو سیاست دانوں، سول و فوجی بیوروکریسی، جاگیرداروں اور سرمایہ داروں نے اپنی چراگاہ بنا رکھا ہے۔ بہت سے لوگ تو یہ سمجھنے لگے ہیں کہ یہ ریاست صرف بالائی طبقے، یعنی اشرافیہ، کے مفادات کے تحفظ کے لئے بنائی گئی ہے۔ ان کے نزدیک طاقت ور طبقہ بیرونی مفادات کا بھی نگہبان ہے اور اسی کے سائے میں اپنے مفادات بھی محفوظ رکھتا ہے۔

یہ تاثر بھی یکسر غلط نہیں۔ ہمارے ہاں جس کے پاس جتنا اختیار اور طاقت ہوتی ہے، وہ اتنا ہی زیادہ وسائل پر قابض نظر آتا ہے۔ فیصلے مختلف طاقت کے مراکز میں ہوتے ہیں اور ہر طاقت ور اپنے حصے کا مفاد سمیٹ لیتا ہے، جبکہ عوام کے حصے میں صرف وعدے اور اُمیدیں آتی ہیں۔

لیکن ایک سوال عوام سے بھی بنتا ہے۔ وہ آخر بے اختیار کیوں ہیں؟ کیا انہوں نے کبھی اپنے اجتماعی حقوق کے لئے متحد ہو کر جدوجہد کی؟ عوام ہمیشہ مختلف سیاسی گروہوں میں تقسیم ہو کر اپنے اپنے رہنماؤں کے لئے سرگرم رہے، مگر اپنے مشترکہ مفادات کے لئے کبھی ایک پلیٹ فارم پر جمع نہ ہو سکے۔ شاید انہیں اپنی اصل طاقت کا اندازہ ہی نہیں کہ ریاست کے حقیقی مالک وہی ہیں۔

ہم نے ہر نئے سیاسی رہنما سے امید وابستہ کی، ہر فوجی حکمران کا بھی خیر مقدم کیا کہ شاید وہ ملک کا نظام درست کر دے، مگر نہ کوئی عوام کی توقعات پر پورا اترا اور نہ نظام بدل سکا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ ہر آنے والا اسی پرانے دائرے کا حصہ بن گیا۔ تاریخ پر نظر ڈالیں تو محسوس ہوتا ہے کہ اقتدار کی سیاست ہمیشہ کسی نہ کسی غیر منتخب طاقت کے زیر اثر رہی ہے۔ کوئی سیاسی شخصیت اُبھرتی ہے، اقتدار تک پہنچتی ہے، کچھ عرصہ حکومت کرتی ہے اور پھر اسی نظام کا شکار ہو جاتی ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ سیاسی بساط کہیں اور بچھتی ہے اور مہرے کہیں اور سے چلائے جاتے ہیں۔

آخر اس ملک کو ترقی سے کس نے روکے رکھا؟ کس نے وسائل لوٹے؟ کس نے آئین اور حلف کی پاسداری کی اور کس نے وعدے توڑے؟ یہ وہ سوالات ہیں جن کا دیانت داری سے جواب تلاش کیے بغیر آگے بڑھنا ممکن نہیں۔ میری رائے میں، برصغیر کے مسلمانوں کو ایک ایسی ریاست کا خواب دکھایا گیا تھا جہاں قانون کی حکمرانی، انصاف، مساوات اور شہری حقوق کی ضمانت ہو، قائداعظم محمد علی جناحؒ ایک اصول پسند قانون دان تھے اور وہ یقین رکھتے تھے کہ نئی ریاست میں ہر شہری کو برابر کے مواقع میسر آئیں گے، مگر ان کی وفات کے بعد ملک کی سمت بتدریج بدلتی گئی اور اقتدار چند طبقات کے ہاتھوں میں مرتکز ہوتا چلا گیا، آج تک اقتدار میں آنے والے بیشتر طبقات نے ریاست کو عوامی امانت کے بجائے اپنے مفادات کے حصول کا ذریعہ سمجھا، انہیں معلوم تھا کہ ایک چھوٹی اور کمزور ریاست پر اثر انداز ہونا متحدہ ہندوستان کے مقابلے میں کہیں آسان ہوگا، اس سارے عمل میں بیرونی طاقتوں کے مفادات کا ذکر بھی اکثر کیا جاتا ہے، جنہوں نے مختلف ادوار میں اس خطے کی سیاست پر اثر ڈالا، افسوس کی بات یہ ہے کہ ہمارے ہاں کوئی ایسی مضبوط سیاسی جماعت پنپ نہ سکی جو مستقل نظریے، اندرونی جمہوریت اور اصولی سیاست پر قائم رہتی، اکثر جماعتیں اقتدار کے لئے سمجھوتے کرتی رہیں اور پھر انہی طاقتوں کی کشمکش کا شکار ہو گئیں جن کے سہارے اقتدار تک پہنچی تھیں۔

آج ملک قرضوں کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے، مہنگائی اور بیروزگاری عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا چکی ہے۔ تعلیم، تربیت اور صحت قومی ترجیحات میں شامل دکھائی نہیں دیتیں، نوجوان، خواہ کم تعلیم یافتہ ہوں یا اعلیٰ ڈگریوں کے حامل، بہتر مستقبل کی تلاش میں بیرونِ ملک جانے کو اپنی کامیابی سمجھنے لگے ہیں۔

انصاف کی صورتحال بھی تشویش ناک ہے۔ عدالتیں موجود ہیں، ان پر اربوں روپے خرچ ہوتے ہیں، مگر انصاف کی امید میں کئی نسلیں گزر جاتی ہیں۔ ریاستی ادارے، اعلیٰ عہدے، وزارتیں اور وسیع بیوروکریسی اپنی جگہ موجود ہیں، لیکن عام آدمی کے مسائل جوں کے توں ہیں۔ میڈیا بھی بڑی حد تک ایک صنعت بن چکا ہے اور اکثر طاقت کے مختلف مراکز کے اثر سے آزاد دکھائی نہیں دیتا، ہر نئی حکومت بڑے بڑے وعدوں کے ساتھ آتی ہے اور جاتے ہوئے پہلے سے زیادہ مسائل چھوڑ جاتی ہے، موجودہ حکومت بھی متعدد بجٹ پیش کر چکی ہے، مگر نہ عوام کو خاطر خواہ ریلیف ملا اور نہ معیشت مستحکم ہو سکی، البتہ مہنگائی مسلسل بڑھتی جا رہی ہے اور عام آدمی کی زندگی پہلے سے کہیں زیادہ دشوار ہو چکی ہے۔

جب تک ہم اس دائرے کو پہچان کر اسے توڑنے کی اجتماعی کوشش نہیں کرتے، چہرے بدلتے رہیں گے، مگر نظام نہیں بدلے گا، قوموں کی تقدیر نعروں، شخصیات یا وقتی امیدوں سے نہیں، بلکہ مضبوط اداروں، قانون کی بالادستی، جواب دہی اور باشعور شہریوں سے بدلتی ہے۔ شاید یہی وہ راستہ ہے جو ہمیں اس مسلسل گھومتے ہوئے دائرے سے باہر نکال سکتا ہے۔

ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کا دکھ!

حرف و سخن
ڈاکٹر فوزیہ تبسم
fouzia.teaching@gmail.com

کچھ دن پہلے مجھے امریکہ سے ڈاکٹر آمنہ کا ایک خط موصول ہوا۔ ڈاکٹر آمنہ امریکہ کے شہر نیو میکسیکو میں رہائش پذیر ہیں اور ایک مقامی ہسپتال اور میڈیکل کالج میں ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ ہیں اور ڈینٹل شعبے سے وابستہ ہیں۔ میری اُن سے ملاقات پچھلے سال اپریل میں امریکہ کے دورے پر نیو میکسیکو میں ہوئی۔ ڈاکٹر آمنہ کا پورا خاندان امریکہ کے مختلف شہروں میں رہائش پذیر ہے اور مختلف شعبوں میں کام کر رہے ہیں کئی سال گزرنے کے بعد بھی ڈاکٹر آمنہ کا پورا خاندان پاکستانی ہونے کے ناتے اپنے ملک پاکستان کی تمام تر روایات کو ساتھ لے کر چل رہا ہے، صرف روایات ہی نہیں بلکہ مسلمان ہونے کی حیثیت سے ان کا اوڑھنا بچھونا، کھانا پینا بھی مکمل طور پر اسلام کے عین مطابق ہے۔ وہ نا صرف نماز روزے کی پابند ہیں بلکہ ان کا لباس بھی پاکستانی ہونے کا ثبوت فراہم کرتا ہے۔

ڈاکٹر آمنہ کے سسر ولی اللہ شاہ بہت پڑھے لکھے اور قابل ہیں ان کی موجودگی نیو میکسیکو میں کسی نعمت سے کم نہیں، میرے بھائی صوفی اطہر مصطفےٰ اکثر انہیں اپنے گھر مدعو کرتے ہیں اور اسلامی موضوعات پر ان کی مدلل گفتگو سنی جاتی ہے۔ سوال و جواب بھی کئے جاتے ہیں۔ راقم بھی ان کی گفتگو سے فیض یاب ہو چکی ہے۔ ڈاکٹر آمنہ بھی امریکہ کے مختلف ملکوں سے آئے مسلمانوں اور خاص طور پر پاکستانی تارکین وطن کی ہر لحاظ سے رہنمائی کرتی نظر آتی ہیں۔ راقم جب تک نیو میکسیکو رہی مجھے خوشی ہوئی کہ وہاں تمام مسلمان خواتین مرد، بچے ہر جمعہ کو نماز کی ادائیگی مسجد میں کرتے ہیں۔ ان میں خواتین اور بچوں کا نماز جمعہ پر مسجد آنا بے حد ضروری سمجھا جاتا ہے اس طرح تمام مسلمانوں کی جمعہ پر ایک دوسرے سے ملاقات بھی ہو جاتی ہے۔ وہیں کئی معمولات پر گفتگو بھی ہوتی ہے اور وہاں کی گورنمنٹ کی طرف سے جو تارکین وطن کے مسائل کے نئے قوانین کی صورت میں سامنے آتے ہیں آسانی سے اس موضوع پر تفصیل سے بات چیت یا مشاورت ہو جاتی ہے۔ اس موقع پر تارکین وطن کے لئے وکلاء کو بھی مدعو کر لیا جاتا ہے جو ان سے تبادلہ خیال کرتے ہیں اور وکلاء کی نصیحتوں پر عمل بھی کرتے ہیں۔ یوں تارکینِ وطن کو ایسی پریشانیوں سے نکال دیتے ہیں۔ اکثر مسجدوں میں مختلف موضوعات اور خاص طور پر صحت پر آگاہی کے لئے سیمینار کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں کھانا، چائے، کافی وغیرہ کا بھی انتظام کیا جاتا ہے۔ یہ تو سب کچھ وہ ہے جو میں نے کھلی آنکھوں سے دیکھا اور سنا ڈاکٹر آمنہ صاحبہ نے جو خط مجھے لکھا اس کا مقصد اور عنوان بہت مختلف تھا جس نے مجھے بھی چونکا دیا ہے۔ ان کی پریشانی مجھے جائز لگنے لگی ہے ایسے معمولات میرے سامنے بھی آئے مگر میں نے اکثر انہیں اَن سنی کر دیا، مگر آج میں اس ذہنی پریشانی کو قارئین تک پہنچا رہی ہوں جو ہمارے معاشرے کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے۔ ہمیں اس پر غور کرنا ہے تاکہ کہیں یہ بیماری دھیرے دھیرے ہمارے معاشرے میں مکمل طور پر سرایت نہ کر جائے۔ ڈاکٹر آمنہ نے خط میں کچھ یوں لکھا کہ آپ کالم لکھتی ہیں اور میں بھی آپ کا کالم امریکہ میں پڑھتی ہوں آپ بھی خاتون ہیں اس لئے آپ میری بات کو بہتر طور پر سمجھ سکتی ہیں۔ انہوں نے لکھا ہے کہ آج کل کچھ خواتین عموماً اپنے گھر کے مسائل، شوہر کی بے توجہی، ڈپریشن، تنہائی اور جذباتی خلا کی وجہ سے اکیلا پن محسوس کرتی ہیں۔ یہی خواتین لاشعوری طور پر ایک رومانی و نفسیاتی کھیل کا حصہ بن رہی ہیں۔ جہاں مظلومیت، تنہائی، جذباتی ٹوٹ پھوٹ اور سمجھے جانے کی خواہش آہستہ آہستہ فتنہ بن جاتی ہے۔ بعض مرد "مسیحا" بن کر انہیں فریب میں مبتلا کر دیتے ہیں۔ خواتین کی نفسیاتی ٹوٹ پھوٹ انہیں ایسے مقام پر لے آتی ہے کہ وہ ایسے مرد سے بات کرنا شروع کر دیتی ہیں جو اسے سمجھتا ہوا اسے تحمل سے سنتا ہو جو ہر وقت اس کے لئے دستیاب ہو اسے اہمیت دیتا ہو۔ ایسے مرد پہلے پہل صرف ایک بھائی، استاد، داعی، سینئر یا اچھا انسان لگتا ہے پھر شیطان آہستہ آہستہ دِل میں خیال ڈالتا ہے کہ یہ دنیا میں پہلا شخص ہے جس نے مجھے واقعی سمجھا ہے۔ یہیں سے اس مرد کا کسی خاتون کو فریب کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ خواتین یہ بھول جاتی ہیں کہ قرآن نے صرف مردوں کو نہیں بلکہ عورتوں کو بھی حدود کا حکم دیا ہے کیونکہ نفس اور دل دونوں کے اندر کمزوریاں رکھی گئی ہیں۔ شیطان ہمیشہ انسان کے سامنے گناہ کو اکثر محبت، توجہ، روحانی تعلق، احترام اور جذباتی سہارا بنا کر پیش کرتا ہے۔ یوں عورتیں مردوں کے فریب میں مکمل طور پر آ جاتی ہیں۔ موبائل ایسے مواقع پر مسلسل رابطہ رکھنے میں فائدہ مند ہوتے ہیں۔ آغاز میں یہ سلسلہ روزمرہ کا معمول بن جاتا ہے۔ آہستہ آہستہ یہ رابطہ روز کے لاتعداد میسجز پر پہنچ جاتا ہے۔ ایسی عورتوں کو مرد پوری طرح شیشے میں اتار لیتے ہیں کیونکہ عورت کا جذباتی انحصار اب دل کے ہر مسئلے میں اسی شخص کی طرف رجوع کرنا ہے۔ عورت اپنے درد کی نمائش ہر بات میں مظلومیت اور جذباتی کیفیات اسی شخص کے سامنے بیان کرنے لگتی ہے۔ سب سے خطرناک بات یہ ہوتی ہے کہ جذبات میں عورت اپنے شوہر، والدین یا محرم کو پیچھے چھوڑتی جاتی ہے۔ نرم لہجے، خصوصی مذہبی گفتگو، نصیحت، دعاؤں، ہمدرد اور شفیق کے پردے میں دونوں اشخاص ایک دوسرے سے گفتگو کی عادت میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ پھر ایک وقت آتا ہے کہ حدود ٹوٹنے لگتی ہیں۔ موبائل پر راتوں کو گفتگو راز و نیاز کی کثرت، تنہائی یہ ایک ایسا تعلق بن جاتا ہے جسے کوئی بھی نام دینا مشکل ہو جاتا ہے۔ عورتیں سمجھ بیٹھتی ہیں کہ یہ تو میری رہنمائی کر رہا ہے مگر شیطان پہلے دلوں کے درمیان راستے بناتا ہے۔ یوں ہر بات معمولی محسوس ہونے لگتی ہے مگر حقیقت تو یہ ہے کہ ہر آنسو ہر نامحرم کے سامنے بہانے کے لئے نہیں ہوتے ہر جذباتی خلا کسی غیر مرد سے پُر نہیں کیا جا سکتا۔ ایک عورت کی اصل عزت یہ نہیں کہ کتنے لوگ اسے سمجھتے ہیں بلکہ یہ ہے کہ وہ اپنی روح، اپنی حیا اور اپنے دل کی سرحدوں کی حفاظت کتنی کرتی ہے جو تعلق اللہ کی حدود میں رہ کر ہوتے ہیں وہی سکون دیتے ہیں کیونکہ سکون تعلق میں نہیں طاقت میں ہوتا ہے۔ میری وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے درخواست ہے کہ ایسی نفسیاتی خواتین کے لئے ایک ایسا ادارہ بنایا جائے جہاں وہ اپنے دکھ کسی مستند خواتین اسکالرز کے ساتھ شیئر کریں تاکہ ایسی عورتوں کو روحانی تباہی سے بچایا جا سکے۔

فن و ثقافت

کسی کو بھی اپنی حدود سے تجاوز کرنے کی اجازت نہیں دونگی، زرین خان

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بالی ووڈ اداکارہ زرین خان ملبوسات کے ایک برانڈ کی تقریب کے دوران ایک فوٹوگرافر کے نامناسب جملے پر سخت ردعمل دینے کے بعد سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بن گئیں۔ 39 سالہ اداکارہ تقریب میں برانڈ کی تشہیر اور فوٹو سیشن میں مصروف تھیں کہ اسی دوران ایک فوٹوگرافر نے انہیں سب کے سامنے لباس پہن کر دکھانے کی تجویز دی۔ اس غیر مناسب تبصرے پر زرین خان نے فوری طور پر اعتراض کرتے ہوئے واضح الفاظ میں کہا کہ وہ ایسی حرکت ہرگز نہیں کریں گی اور کسی کو بھی اپنی حدود سے تجاوز کرنے کی اجازت نہیں دیں گی اس واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہوگئی جہاں صارفین کی بڑی تعداد نے اداکارہ کے مؤقف کی حمایت کی

نیویارک کے بہترین کھانے کے لیے شکریہ۔" چارلیز تھیرون

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) بالی ووڈ کی آسکر یافتہ اداکارہ چارلیز تھیرون نے دبلا ہونے کے بعد حال ہی میں خود پر ہونے والی تنقید اور سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی افواہوں کا دلچسپ انداز میں جواب دے کر مداحوں کی توجہ حاصل کرلی۔ 50 سالہ اداکارہ نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر نیویارک کے معروف جاپانی ریسٹورنٹ تامایورا میں عشائیے کی تصاویر شیئر کیں، جہاں انہوں نے مختلف اقسام کی سوشی، مشروم سوپ اور آخر میں بلیو بیری اور اسٹرابیری سے سجی آئس کریم سے لطف اٹھایا تصاویر کے ساتھ انہوں نے مزاحیہ انداز میں لکھا، "آپ سب نے کہا تھا کہ کچھ کھاؤ... نیویارک کے بہترین کھانے کے لیے شکریہ۔" ان کا یہ پیغام سوشل میڈیا صارفین نے ان پر ہونے والی حالیہ تنقید کا بالواسطہ جواب قرار دیا۔

افیئر کی افواہوں کے باوجود گووندا کا ساتھ نہیں چھوڑوں گی، سنیتا آہوجہ

بالی ووڈ اداکار گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجہ نے شوہر سے متعلق افیئر کی افواہوں پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں اپنے رشتے پر مکمل اعتماد ہے اور وہ گووندا کا ساتھ کبھی نہیں چھوڑیں گی۔ فری پریس جرنل کو انٹرویو دیتے ہوئے سنیتا آہوجا نے کہا کہ فلم انڈسٹری میں کام کرنے والے اداکاروں کے بارے میں ایسی باتیں عام ہیں، لیکن مضبوط رشتہ اعتماد اور محبت پر قائم ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ میں ہمیشہ کہتی ہوں کہ اداکار کی بیوی بننے کے لیے دل کو مضبوط بنانا پڑتا ہے۔ میں نے 15 سال کی عمر میں گووندا سے محبت کی تھی، آج 56 سال کی ہوں اور اب بھی ان سے اتنی ہی محبت کرتی ہوں۔ سنیتا نے مزید بتایا کہ انہوں نے زندگی میں کئی بار گووندا کو معاف کیا، کیونکہ ان کے نزدیک سچی محبت میں معاف کرنا بھی شامل ہوتا ہے۔

بھارت نہیں چاہتا پاکستانی مواد کو نیٹ فلکس پر رسائی ملے، فیصل قریشی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) معروف پاکستانی اداکار فیصل قریشی نے دعویٰ کیا ہے کہ بھارت نہیں چاہتا کہ پاکستانی مواد کو نیٹ فلکس پر رسائی ملے۔ حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں فیصل قریشی نے انکشاف کیا ہے کہ دو وجوہات کی وجہ سے پاکستانی مواد نیٹ فلکس پر شو نہیں ہو پاتا، ایک یہ کہ بھارتی ناظرین بالکل نہیں چاہتے کہ پاکستانی مواد کو یہ موقع ملے جبکہ دوسری وجہ یہ ہے کہ پاکستان میں نیٹ فلکس کا محدود بزنس ہے۔ کے اس سوال پر کہ 'آپ کے خیال میں پاکستانی مواد نیٹ فلکس پر کب نظر آئے گا؟'، انہوں نے جواب دیا کہ 'اگر سچ کہوں تو بھارتی پاکستانی مواد کو نیٹ فلکس پر نہیں دیکھنا چاہتے۔ دوسری بات یہ کہ ہم خود بھی پوری سچائی نہیں دکھاتے جبکہ نیٹ فلکس چاہتا ہے کہ ہر ملک اپنی حقیقت، مسائل اور معاشرے کا تاریک پہلو بھی سامنے لائے۔ فیصل قریشی نے مزید کہا کہ 'پاکستان میں ہر چیز کھل کر دکھانا آسان نہیں کیونکہ اگر کوئی فلم ساز ملک کی اصل تصویر پیش کرے تو بعد میں اس کے لیے پاکستان میں رہنا بھی مشکل ہوسکتا ہے۔' انہوں نے نیٹ فلکس کی پاکستان میں محدود آمدنی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ زیادہ تر پاکستانی اپنی ذاتی نیٹ فلکس سبسکرپشن نہیں خریدتے بلکہ دوستوں یا بیرونِ ملک رہنے والے رشتہ داروں کے اکاؤنٹس استعمال کرتے ہیں۔ اس وجہ سے نیٹ فلکس کو پاکستان سے وہ آمدنی نہیں ملتی جو بھارت سے حاصل ہوتی ہے جہاں مارکیٹ بہت زیادہ بڑی ہے۔ فیصل قریشی نے کہا کہ پاکستان میں تو نئی فلم ریلیز ہونے پر سب سے پہلا سوال یہی کیا جاتا ہے کہ یہ یوٹیوب پر کب آئے گی؟

عالیہ بھٹ 100 کروڑ سے بننے والی فلم 'تمباڈ 2' کا حصہ بن گئیں

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بالی ووڈ اداکارہ عالیہ بھٹ کے فلم 'تمباڈ 2' میں شامل ہونے کی تصدیق کر دی گئی ہے، جس کے بعد مداحوں میں جوش کی لہر دوڑ گئی۔ اداکار سوہم شاہ نے انسٹاگرام پر اعلان کرتے ہوئے لکھا "ایک نئے سفر کا آغاز ہوا ہے"۔ انھوں نے عالیہ بھٹ کو 'تمباڈ 2' میں خوش آمدید بھی کہا۔ تفصیلات کے مطابق یہ فلم عالیہ بھٹ کی پہلی مکمل ہارر فلم ہوگی۔ ان کا کردار مختصر نہیں بلکہ کہانی کا ایک اہم حصہ ہوگا، جو فلم کے بڑے اہم موڑ سے جڑا ہے۔ عالیہ بھٹ نے اپنے بیان میں کہا کہ تمباڈ پہلی بار دیکھنے کے بعد سے ہی ان کے ذہن میں بس گئی تھی۔ اس منفرد اور پراسرار دنیا کا حصہ بننا میرے لیے باعثِ اعزاز ہے۔ وہ سوہم شاہ اور نوازالدین صدیقی کے ساتھ کام کرنے کے لیے بھی پرجوش ہیں۔ رپورٹس کے مطابق فلم کا بجٹ تقریباً 100 کروڑ بھارتی روپے رکھا گیا ہے، جبکہ ممبئی میں اس کی شوٹنگ کے لیے ایک وسیع سیٹ بھی تیار کیا جا رہا ہے۔ ہدایتکار آدیش پرساد کی یہ فلم 3 دسمبر 2027 کو سینما گھروں کی زینت بنے گی۔

بقیہ نمبر 1

(NLF) پاکستان کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے صدر شمس الرحمٰن سواتی کی قیادت میں صوبائی وزیر محنت پنجاب خواجہ منشاء اللہ بٹ سے ملاقات کی۔وفد میں فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل چوہدری حبیب الرحمٰن، وسطی پنجاب ریجن کے صدر امین منہاس اور لاہور کے صدر سید عبدالعزیز شگری شامل تھے۔ملاقات میں پنجاب بھر کے مزدوروں کو درپیش اہم مسائل، لیبر قوانین، کم از کم اجرت، سماجی تحفظ، لیبر انسپیکشن اور صنعتی تعلقات سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔وفد نے وزیر محنت کی توجہ اس امر کی جانب مبذول کرائی کہ حالیہ بجٹ میں کم از کم اجرت میں اضافہ نہ کیے جانے سے مزدور طبقے میں شدید مایوسی اور بے چینی پائی جاتی ہے۔ بڑھتی ہوئی مہنگائی، بجلی، گیس اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے محنت کش خاندانوں کی زندگی انتہائی دشوار بنادی ہے۔وفد نے مطالبہ کیا کہ کم از کم اجرت میں فوری اور حقیقت پسندانہ اضافہ کیا جائے تاکہ مزدوروں کو باوقار زندگی گزارنے کا حق میسر آسکے۔وفد نے اس بات پر بھی زور دیا کہ حکومت کی جانب سے راشن کارڈ، سبسڈی اور دیگر سماجی بہبود کی سکیموں کے ذریعے دی جانے والی امداد کو اجرتی نظام میں ضم کیا جائے اور اس کے مساوی مالی وسائل کم از کم اجرت میں شامل کیے جائیں، تاکہ مزدوروں کو براہِ راست فائدہ پہنچے، امدادی نظام میں شفافیت آئے اور کرپشن و سیاسی مداخلت کے تمام راستے بند کیے جاسکیں۔صدر نیشنل لیبر فیڈریشن شمس الرحمٰن سواتی نے پنجاب لیبر کوڈ کے مسودے میں شامل ان متنازع دفعات پر بھی تفصیلی تحفظات پیش کیے جو یونین سازی کی آزادی کو محدود کرتی ہیں، اجتماعی سودے بازی (Collective Bargaining) کے حق کو کمزور کرتی ہیں، غیر رسمی روزگار (Informal Employment) کے نظام کو قانونی تحفظ فراہم کرتی ہیں اور آجر (Employer) کی تعریف و اقسام کے ذریعے مزدوروں کے بنیادی حقوق کو متاثر کرتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ انہی دفعات پر حالیہ بین الاقوامی لیبر کانفرنس (ILO) میں ورکرز گروپ نے شدید تحفظات کا اظہار کیا تھا، جس پر وفاقی حکومت کے نمائندوں نے یقین دہانی کرائی کہ ان متنازع دفعات پر نظرثانی کرتے ہوئے انہیں واپس لیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 2

کی عدم دستیابی کے باعث شہریوں کی روزمرہ زندگی بری طرح متاثر ہوچکی ہے۔طلبہ کی تعلیم، کاروباری سرگرمیاں، گھریلو معاملات اور شدید گرمی کے موسم میں لوگوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے۔رات کے وقت گلیاں اور بازار اندھیرے میں ڈوب جانے کی وجہ سے چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم کے خدشات میں بھی اضافہ ہوگیا ہے۔شہریوں، سماجی تنظیموں اور تاجر برادری نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے کئی مرتبہ متعلقہ حکام، منتخب نمائندوں اور واپڈا افسران کو درخواستیں دیں، لیکن آج تک کوئی عملی اقدام نہیں کیا گیا۔انہوں نے مزید کہا کہ جدید دور میں بجلی جیسی بنیادی سہولت سے محروم رکھنا انتہائی افسوسناک اور ناانصافی ہے۔شہریوں نے وفاقی حکومت، حکومت سندھ، متعلقہ بجلی کے محکمے، اور علاقے کے منتخب ایم این اے اور ایم پی اے سے مطالبہ کیا ہے کہ جھوک شریف میں فوری طور پر بجلی بحال کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں، تاکہ شہری گزشتہ 11 سال سے جاری اس اذیت سے نجات حاصل کرسکیں۔

بقیہ نمبر 3

ہیڈکوارٹر ہسپتال اور گورنمنٹ اسکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز جہلم کا دورہ کیا۔اس موقع پر پرنسپلز اور تدریسی عملے نے اداروں کی تعلیمی سرگرمیوں، سہولیات اور انتظامی امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے کلاس رومز، لیبارٹریز، عملی تربیت کے انتظامات، صفائی ستھرائی اور طلبہ کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے طلبہ سے بھی ملاقات کی اور ان کے تعلیمی ماحول، تربیتی سہولیات اور دیگر ضروری امور کے بارے میں دریافت کرتے ہوئے ان کی آراء حاصل کیں۔ڈپٹی کمشنر نے پرنسپلز اور اداروں کی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ طلبہ کو معیاری تعلیم، بہترین عملی تربیت اور جدید سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں نظم وضبط، صفائی ستھرائی اور سازگار ماحول برقرار رکھنا مستقبل کے طبی شعبے کی ضروریات کے لیے ناگزیر ہے۔ڈپٹی کمشنر میر رضا اوزگن نے کہا کہ نرسنگ اور الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے طلبہ صحت کے شعبے کا قیمتی سرمایہ ہیں۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت پنجاب کے وژن کے مطابق تعلیمی اداروں میں سہولیات اور تدریسی معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 4

غازیوں کی قربانیوں کو معمولی قرار دینا افسوسناک امر ہے۔افواج پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ، سرحدوں کے دفاع اور قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج کی قربانیوں کا احترام ہر پاکستانی کی قومی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔شہداء کے اہل خانہ کی قربانیوں کو نظرانداز کرنا یا ان پر غیر ذمہ دارانہ تبصرہ کرنا قابل قبول نہیں۔جمہوریت میں اختلاف رائے کا سب کو حق ہے،شہدا کے خلاف ہرزہ سرائی قومی یکجہتی کے مفاد میں نہیں۔شرجیل میمن کا کہنا تھا کہ سیاسی اختلافات کو قومی سلامتی اور وطن کے دفاع سے وابستہ اداروں کے احترام سے الگ رکھنا چاہیے۔سیاسی وسماجی حلقے ایسی زبان سے گریز کریں جو قومی اداروں اور شہدا کے لواحقین کے جذبات کو ٹھیس پہنچائے۔

بقیہ نمبر 5

گردی سے متعلق تحقیقات کے سلسلے میں کی گئیں۔پولیس نے بتایا کہ 8 افراد دہشت گردی ایکٹ کے تحت، 3 قتل کی سازش کے شبہ میں اور ایک خاتون کو مجرم کی مدد کرنے کے شبے میں گرفتار کیا گیا۔ان گرفتار افراد کی عمریں 27 سے 60 سال کے درمیان ہیں۔پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتاریاں اتوار اور پیر کے روز انگلینڈ میں مختلف مقامات پر کی گئیں۔مشرقی انگلینڈ، مانچسٹر اور لندن کے قریب متعدد مقامات کی تلاشی لی جارہی ہے۔پولیس کے مطابق حکام کو مذہبی تقریب کے حوالے سے ممکنہ سنگین خطرے کا علم ہوا تھا، مذہبی تقریب مشرقی انگلینڈ کے علاقے سفوک میں 9 سے 12 جولائی تک منعقد ہوئی جس میں تقریباً 15 ہزار افراد شریک تھے۔تقریب کو مقررہ وقت سے پہلے ختم کردیا گیا تھا، برطانیہ نے اپریل میں دہشت گردی کے خطرے کی سطح بڑھا کر شدید کردی تھی۔ادھر برطانوی وزیر داخلہ شبانہ محمود نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ہمیں نفرت کے خلاف کھڑا ہونا ہوگا۔ان کا کہنا تھا کہ ہمیں ملک کے مشترکہ یقین پر متحد ہونا ہوگا جو تمام برادریوں کے لیے فراخ دل ہے۔

بقیہ نمبر 6

مینیجر عمر صدیق ہٹنگ، چیف پلانر آر ڈی اے طاہر میو، ڈائریکٹر فنانس آر ڈی اے مسعود احمد سمیت بینک آف پنجاب، عسکری بینک اور بینک الحبیب کے نمائندگان نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران آر ڈی اے کے دائرہ اختیار میں آنے والی ہاؤسنگ سکیموں کی الاٹیز کے لیے رہن (مارگیج) کی تخلیق، لیبن پارکنگ اور ہاؤسنگ فنانس سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ پروگرام کے موثر نفاذ کے لیے بینکوں اور متعلقہ اداروں کے درمیان باہمی رابطے اور تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائے۔اجلاس میں بتایا گیا کہ"اپنا گھر" پروگرام کا بنیادی مقصد کم اور متوسط آمدنی والے طبقے کو آسان اور رعایتی شرائط پر ہاؤسنگ فنانس کی سہولت فراہم کرنا ہے تاکہ اہل افراد اپنے ذاتی گھر کی تعمیر یا خریداری کے لیے با آسانی قرض حاصل کرسکیں۔اس اقدام سے نہ صرف گھر کی ملکیت کو فروغ ملے گا بلکہ مالی شمولیت اور پائیدار ہاؤسنگ سیکٹر کی ترقی میں بھی مدد ملے گی۔اس موقع پر آر ڈی اے حکام نے پروگرام کے کامیاب نفاذ کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پروگرام سے متعلق آگاہی آر ڈی اے کی ویب سائٹ، ہاؤسنگ سوسائٹیز کو جاری کیے جانے والے باضابطہ مراسلوں اور پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے فراہم کی جائے گی۔مزید برآں، آر ڈی اے نے بینکوں کے ساتھ رابطہ کاری کے لیے ایک فوکل پرسن مقرر کرنے اور ون ونڈو سہولت کاری کا نظام قائم کرنے پر بھی اتفاق کیا ہے۔جس سے اہل درخواست گزاروں کے لیے ہاؤسنگ فنانس کی منظوری اور دیگر متعلقہ امور کی تکمیل میں آسانی اور تیزی آئے گی۔اجلاس کے اختتام پر آر ڈی اے نے وزیر اعظم کے "اپنا گھر پروگرام" کے فروغ، درخواستوں کی بروقت پراسیسنگ اور تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 7

ٹرمپ انتظامیہ نے فیصلہ ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی ٹائٹل 49 کے تحت کیا، جس کے بعد کانگو میں موجود یا حالیہ دنوں میں وہاں سے نکلنے والے امریکی شہریوں کو فوری طور پر امریکا جانے والی پروازوں میں سوار نہیں ہونے دیا جائے گا۔امریکی حکام کے مطابق متاثرہ افراد کو امریکا واپسی سے قبل کسی تیسرے ملک میں کم از کم 21 دن گزارنا ہوں گے، تاکہ ممکنہ طور پر وائرس کے پھیلاؤ کے خطرے کو کم کیا جاسکے۔ یہ اقدام کانگو میں ایبولا وائرس کے بڑھتے ہوئے پھیلاؤ کے بعد کیا گیا ہے۔سرکاری اعداد وشمار کے مطابق ملک میں ایبولا کے تصدیق شدہ کیسز کی تعداد 926,1 تک پہنچ چکی ہے، جبکہ 702 اموات رپورٹ ہوئی ہیں۔ ایبولا ایک خطرناک وائرل بیماری ہے جو متاثرہ انسانوں یا جانوروں کے جسمانی سیال سے براہ راست رابطے کے ذریعے پھیل سکتی ہے۔اس کی علامات میں تیز بخار، قے اور اندرونی و بیرونی خون بہنا شامل ہو سکتے ہیں۔امریکی محکمہ صحت کے حکام کے مطابق کانگو میں موجود ایک امریکی شہری بھی ایبولا سے متاثر ہوا ہے، جبکہ کچھ دیگر متاثرہ امریکی شہریوں کو علاج کے لیے جرمنی منتقل کیا گیا ہے۔امریکی حکام کا کہنا ہے کہ محکمہ خارجہ ان شہریوں کی مدد کرے گا جو نئی سفری پابندیوں سے متاثر ہوئے ہیں، جبکہ صورتحال کی مسلسل نگرانی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 8

کونسلوں میں اسکولز میں چوکیداروں کی بھرتیوں پر شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ لساں ٹھکرال کی تینوں ویلج کونسلوں میں چوکیدار کی خالی پوسٹوں پر مقامی مستحق لوگوں کو نظرانداز کر کے باہر سے لوگوں کو بھرتی کیا گیا ہے جو کہ حلقہ کے لوگوں کے بنیادی حقوق پر ڈاکہ ہے انہوں نے کہا کہ ضلع مانسہرہ میں بھرتیوں میں بڑی بے ضابطگیاں ہورہی ہیں جبکہ لوگوں کے مطابق یہ بھرتیاں پیسے لے کر کی گئی ہیں انہوں نے منتخب بلدیاتی نمائندوں اور ایم پی ایز سے سوال کیا کہ کیا لساں ٹھکرال میں میرٹ پر کوئی چوکیدار نہیں تھا؟ جب سکول کے لیے زمین لی جاتی ہے تو وعدہ کیا جاتا ہے کہ آپ کے گھر کے فرد کو نوکری ملے گی لیکن نوکری کا وقت آیا تو باہر والوں کو نوکریاں دے دی گئیں جو سراسر ظلم و ناانصافی کے مترادف ہے انہوں نے کہا کہ گو کہ سکولز میں چوکیدار بھرتی ایم پی اے کا صوابدیدی اختیار ہے لیکن بچیوں کے اسکولز کا چوکیدار علاقہ بھر کا محافظ ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ ہم فساد نہیں چاہتے لیکن گاؤں کے اسکول میں باہر کے لوگوں کے بجائے مقامی افراد کو بھرتی کر کے معاملہ کو ختم کیا جائے ورنہ فساد پھیلنے کا خدشہ ہے ملک فاروق تنولی نے مطالبہ کیا کہ U/C لساں ٹھکرال چوکیداروں کی غیر قانونی بھرتیاں فوری منسوخ کی جائیں اور لساں ٹھکرال کے مقامی نوجوانوں کو ملازمتوں کا حق دیا جائے انہوں واضح کرتے ہوئے کہا کہ اگر ہمارا مطالبہ پورا نہ کیا گیا تو اس معاملے پر انصاف کیلئے ہم عدلیہ کا دروازے کھٹکھٹائیں گے اور اس کے علاوہ بھرپور احتجاج بھی کریں گے انہوں نے کہا کہ ہم اپنے حقیقی موقف سے پیچھے نہیں ہٹیں گے اور اپنے علاقے کے عوام کے حقوق کی بازیابی کے لئے بھرپور جدوجہد کرتے ہوئے اپنا حق لے کر رہیں گے کیونکہ یہ لساں ٹھکرال کے عوام کا اصولی وبنیادی حق ہے۔

بقیہ نمبر 9

سرکاری ریٹ پر گیس سلنڈر دستیابی دیوانے کا خواب بن گیا، اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان کی ترجیحات میں عوامی مفادات کے تحفظ سے زیادہ سرکاری خزانے کیلئے جرمانے اکٹھے کرنا بن چکا ہے، عوام علاقہ، تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کی جانب سے تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایات جاری کیں گئیں کہ وہ ضلع بھر میں ایل پی جی کی مصنوعی قلت، ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری یا مقررہ نرخوں سے زائد قیمت وصول کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کاروائیاں عمل میں لائیں مگر گوجرخان میں ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کے احکامات کو ردی کی ٹوکری میں ڈال دیا گیا جس وجہ سے گوجرخان بھر میں کہیں پر بھی سرکاری ریٹ کے مطابق ایل پی جی گیس سلنڈر دستیاب نہیں ہورہی، شہر میں گیس مافیا ڈبل کے قریب صارفین سے رقم وصول کر رہے ہیں سوشل میڈیا پر روزانہ کی بنیاد درجنوں شکایات کے باوجود اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان نے ان مسائل پر مسلسل خاموشی اختیار کر رکھی ہے جس وجہ سے شہری روزانہ کی بنیاد پر لٹ رہے ہیں، شہریوں نے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے دوسری جانب ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ اگر کسی بھی علاقے میں ایل پی جی مقررہ نرخ سے زائد قیمت پر فروخت کی جارہی ہو یا کسی قسم کی بے ضابطگی نظر آئے تو فوری طور پر ضلعی انتظامیہ کو اطلاع دیں تاکہ ذمہ دار عناصر کے خلاف بروقت اور موثر کارروائی کی جاسکے۔

بقیہ نمبر 10

میں ڈبلیو ایچ او کی پولیو کوآرڈینیٹر ڈاکٹر شائلہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر احسان غنی اور محکمہ صحت کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران پولیو مہم، ہائی رسک یونین کونسلو، معمول کی حفاظتی ٹیکہ کاری اور محکمانہ کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

بقیہ نمبر 11

اور ملازمین کے روزگار پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ٹھیکیداری پر خطیر اخراجات کرنے کے بجائے یہی وسائل جدید مشینری، گاڑیوں اور صفائی کے آلات کی خریداری پر خرچ کیے جائیں اور یہ سہولیات ادارے کے موجودہ ملازمین کو فراہم کی جائیں تاکہ وہ مزید موثر انداز میں اپنی خدمات انجام دے سکیں۔انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت کو صاف ستھرا رکھنے میں سی ڈی اے کے سینی ٹیشن عملے بالخصوص مسیحی ملازمین کا کردار ہمیشہ نمایاں اور قابل تحسین رہا ہے۔ عیدین، کرسمس، قومی تقریبات اور ہنگامی حالات سمیت ہر موقع پر صفائی عملہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھاتا ہے

بقیہ نمبر 12

ہے جوان کے لیے کام کرنا چاہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد پارٹی منشور کو گھر گھر پہنچانا ہے اس کے لیے تمام عہدے دار اور ورکرز اپنا کردار ادا کریں۔ا

بقیہ نمبر 13

رپورٹ کے مطابق لاہور میں 6 ماہ کے دوران جرائم کی 4 3 ہزار سے زائد وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ڈکیتی کے 744 اور قتل کے 141 مقدمات درج ہوئے۔

بقیہ نمبر 14

کی میتوں کی آبائی علاقوں میں منتقلی کے عمل کی خود مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پوری قوم کی ہمدردیاں اور دعائیں سوگوار ان خاندان کے ساتھ ہیں۔

بقیہ نمبر 15

جو ملک کی آبادی کا تقریباً 15 فیصد ہیں اور تقریباً 3 کروڑ مسیحیوں کا کہنا ہے کہ مودی حکومت کے دور میں ان کی مذہبی اور سماجی شناخت بے رحمی سے سکڑتی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر 16

32 سو تا 33 سو روپے تک پہنچ گئی ہے جس کی وجہ آٹا کی قیمت خرید غریب عوام خصوصاً دیہاڑی دار و متوسط طبقہ کی قوت خرید سے کافی باہر ہوگئی ہے ان حالات میں مانسہرہ کے شہری و علاقائی عوامی حلقے نہ صرف سراپا احتجاج ہیں بلکہ ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کر رہے ہیں کہ آٹا گھی چینی چاول اور دالوں سمیت روزمرہ استعمال کی اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں فوری کم کی جائیں اور آٹا سمیت مختلف اشیاء کی خود ساختہ قیمتوں بڑھانے والے ذخیرہ اندوزوں اور گراں فروش تاجروں کے خلاف فی الفور کاروائی عمل میں لائی جائے،

بقیہ نمبر 17

لیے مضمرات" کے عنوان سے ایک اعلیٰ سطحی گول میز کانفرنس کا انعقاد کیا اس تقریب میں ممتاز ماہرین، سفارتکاروں اور عسکری تجزیہ کاروں نے شرکت کی تاکہ بھارت کے سمندر پر مبنی ایٹمی ہتھیاروں کی آپریشنل تعیناتی کے بعد جنوبی ایشیا کے بازدارندگی کے ڈھانچے میں آنے والی کیفیاتی تبدیلی کا جائزہ لیا جاسکے۔خیر مقدمی کلمات میں سفیر خالد محمود، چیئرمین بورڈ آف گورنرز، آئی ایس ایس آئی نے علاقائی سلامتی کی صورتحال میں ہونے والی تبدیلیوں کی سنگینی پر زور دیا۔ اہم تزویراتی چیلنجز اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت کی سمندر پر مبنی ایٹمی بازدارندگی کی آپریشنلائزیشن علاقائی سلامتی میں ایک کیفیاتی اور ساختی تبدیلی کی علامت ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ان پیش رفتوں کے تناظر میں علاقائی امن و استحکام کو یقینی بنانے کے لیے بازدارندگی کے موقف اور سفارتی فریم ورک دونوں کا واضح جائزہ لینا ضروری ہے۔اس سے قبل ملک قاسم مصطفیٰ، ڈائریکٹر اے سی ڈی سی نے سیشن کا آغاز کرتے ہوئے مباحثے کے دائرہ کار کو واضح کیا اور شرکاء کو خوش آمدید کہا۔انہوں نے کہا کہ جنوبی ایشیا کے تزویراتی استحکام میں گہری خلل پیدا ہوئی ہے، جس کے لیے پاکستان کو ایک معتبر بازدارندگی برقرار رکھنے کے لیے ضروری نظریاتی اور تکنیکی موقف میں ممکنہ تبدیلیوں کا دقیق جائزہ لینا ہوگا۔میز گول مباحثے کا ایجنڈا پیش کرتے ہوئے اے سی ڈی سی کی ریسرچ فیلو محترمہ غزالہ یاسمین جلیل نے خطے کو درپیش گہرے ساختی موڑوں کو اجاگر کیا جو دبلی ہوئی بازدارندگی سے کر تیار شدہ وارہیڈز تک۔ انہوں نے اہم سوالات اٹھائے کہ پاکستان کس طرح مہنگے اور بے انتہا بحری اسلحے کی دوڑ میں پھنسے بغیر مضبوط اور قابل سیکنڈ اسٹرائیک ڈیٹرنس کو برقرار رکھ سکتا ہے۔اس تقریب میں ممتاز تزویراتی ماہرین کے ایک پینل نے تفصیلی موضوعاتی جائزے پیش کیے۔ وائس ایڈمرل (ر) ڈاکٹر احمد سعید بلال امتیاز، سابق صدر نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف میری ٹائم افیئرز (نیما) نے بھارت کے جدید روایتی اور ایٹمی آبدوزوں (ایس ایس بی اینز) کے حصول میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کے باعث بحر ہند میں بڑھتے ہوئے تزویراتی عدم توازن کو اجاگر کیا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ بحری توسیع کی یہ تیز رفتار دوڑ ایک شدید وفاقی عدم مساوات پیدا کر رہی ہے جو ایٹمی دہلیز کو کم کرتی ہے اور دو متصل ایٹمی ریاستوں کے درمیان غیر ارادی تصعید کے خطرے کو بڑھاتی ہے۔سفیر (ر) ضمیر اکرم، مشیر اسٹریٹجک پلانز ڈویژن (ایس پی ڈی) نے کہا کہ بھارت کا تیز عمودی پھیلاؤ "نہ پہلے استعمال" کی پالیسی سے ہٹا کر پاکستان کی قابل سیکنڈ اسٹرائیک ڈیٹرنس کو غیر موثر بنانے کے لیے قبل از وقت پہلے حملے کے موقف کی طرف دھکیل رہا ہے۔انہوں نے اس خیال کو مسترد کیا کہ یہ اثاثے صرف چین کے خلاف ہیں، اور عالمی برادری کی بھارت کی بڑھتی ہوئی سمندر پر مبنی صلاحیتوں پر "خاموشی" اور دوہرے معیار کو اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ یہ پیش رفت جنوبی ایشیا سے کہیں آگے تک خطرہ ہے اور علاقائی و عالمی سطح پر تزویراتی استحکام کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ ایئر کموڈور (ر) خالد بنوری، سینئر ایڈوائزر جے سی ایل، ایئر ہیڈکوارٹرز نے کہا کہ جنوبی ایشیا کی بازدارندگی میں یہ ایک بڑی ساختی تبدیلی ہے کہ بھارت کی مستقل طور پر تیار شدہ سمندر پر مبنی ایٹمی موجودگی نے سیاسی۔عسکری فیصلہ سازی کی مہلت کو خطرناک حد تک کم کردیا ہے،اور روایتی امن کے دور کی گنجائش کو صفر کردیا ہے۔ ڈاکٹر عقیل اختر نے سمندر پر مبنی ایٹمی بازدارندگی کے گرد موجود سیکیورٹی ڈائلیما پر گفتگو کی، اور زور دیا کہ ایٹمی آبدوزوں کی بڑھتی ہوئی تعیناتی کمانڈ اینڈ کنٹرول، بحران میں مواصلات اور تزویراتی استحکام کے لیے نئے چیلنجز پیدا کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 18

کے مطابق صارف راجہ عابد نے وزیراعظم پورٹل پر درخواست اپ لوڈ کرتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ سب ڈیشن اڈیالہ میں نئے میٹر لگانے پر مامور قمر زمان نے ان سے پہلے لگے ہوئے بجلی کے میٹر کونٹ بلنگ پر شفٹ کرنے کے تین لاکھ روپے طلب کیے، جس پر انہوں نے کہا کہ اس کی سرکاری فیس تو اتنی زیادہ نہیں تو قمر زمان نے کہا کہ اس پر اوپر کا خرچ بہت آتا ہے۔صارف نے بتایا کہ رقم کم کرنے کے لئے انہوں نے درخواست کی مگر انہوں نے رقم کم نہیں کی جس کے بعد انہیں مجبوراً آمادہ ہونا پڑا۔قمر زمان نے صارف سے بجلی کے میٹر کا بل، زمین کی رجسٹری، شناختی کارڈ کی کاپی اور دیگر کاغذات وانس اپ کرنے کو کہا ساتھ ہی 3 لاکھ روپے بھی ایزی پیسہ بھجوانے کو کہا، صارف نے اعتراض کیا کہ ساری رقم وہ ایڈوانس نہیں دے سکتا، کام کے بعد کچھ رقم دے دونگا جس پر قمر زمان نے ایڈوانس میں آدھی رقم بھیج دینے کا کہا۔صارف نے انہیں تمام کاغذات اور ساتھ ڈیڑھ لاکھ روپے ایزی پیسہ کردیا۔ صارف نے درخواست میں موقف اختیار کیا کہ دو ماہ ہونے کے باوجود قمر زمان نے درخواست تک اپ لوڈ نہیں کی، اور ان کے بار بار فون کرنے کے باوجود کام نہیں کیا۔انہوں نے وزیر اعظم سے درخواست کی کہ ایسے کرپٹ اور بددیانت اہلکار کو نہ صرف ایسی اہم ذمہ داریوں سے ہٹایا جائے بلکہ انہیں نوکری سے برطرف کیا جائے تاکہ یہ لوگوں کو اپنے اختیارات کے زور پر مجبور کر کے لوٹ مار نہ کرسکیں۔اوران کا میٹر نیٹ بلنگ پر شفٹ کرنے کے احکامات بھی جاری کیے جائیں

بقیہ نمبر 19

مقبول حسین ڈار تھے، جبکہ چوہدری ارشد، مرکزی جنرل سیکرٹری نیاز خان اور مرکزی نائب صدر میڈم عبیدہ یزدان بھی خصوصی طور پر شریک ہوئے۔اجلاس میں علاقے کے مختلف نجی تعلیمی اداروں کے سربراہان نے شرکت کی، جن میں میڈم شبانہ (LSS)، میڈم ثمینہ بخاری (الاسید سکول)، میڈم نگہت (دی شائن سکول)، مجاہد صاحب (پرنسپل دی شائن سکول و جنرل سیکرٹری ہمک زون)، سر حسن (الائیڈ سکول)، شاور صاحب (اسلام آباد فاؤنڈیشن سکول) اور عدنان صاحب (نیشنل سکول رواٹ) شامل تھے۔اجلاس میں پیرا (PEIRA) اور فیڈرل بورڈ کی پالیسیوں، نجی تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل اور تعلیمی معیار کی بہتری کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔اپنے خطاب میں مرکزی صدر مقبول حسین ڈار نے ہمک، سہالہ اور رواٹ زون میں اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کے لیے ٹیچرز ٹریننگ پروگرامز کے انعقاد کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے اساتذہ کی مسلسل تربیت ناگزیر ہے۔اس موقع پر چوہدری ارشد نے سکولوں میں جدید مالیاتی اور انتظامی نظام کو متعارف کرانے کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور تعلیمی اداروں کی موثر مینجمنٹ کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 20

،قیمتی موبائل فونز، نقدی اور اسلحہ برآمد، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کو مزید موثر بناتے ہوئے مختلف کارروائیوں کے دوران راہزنی، موٹر سائیکل چوری، موبائل فون چوری اور دیگر جرائم میں ملوث سات رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا۔تھانہ کراچی کمپنی، تھانہ گولڑہ، تھانہ بنی گالا اور تھانہ بھارہ کہو پولیس ٹیموں نے کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان احتشام عزیز، ارشد رحمت، سردار شاہ، ثوبان احمد، سعد فیضان شاہ، محمد زبیر اور حضرت علی کو گرفتار کیا۔گرفتار ملزمان کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کے پانچ قیمتی موبائل فونز، چار چوری شدہ موٹر سائیکلیں، نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ابتدائی تفتیش کے دوران ملزمان نے راہزنی اور چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ہونے کا انکشاف کیا ہے۔ ملزمان ہسپتالوں کے احاطوں میں مریضوں کے تیارداروں سے موبائل فون، نقدی اور دیگر قیمتی اشیاء چوری کرنے کی وارداتوں میں بھی ملوث ہیں۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ ان سے مزید اہم انکشافات کی توقع ہے۔ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے کامیاب کارروائی پر پولیس ٹیموں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد پولیس منظم اور متحرک جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف بلاامتیاز اور بھرپور کریک ڈاؤن جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ذمہ داری اور ترجیح ہے، لہٰذا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائیاں بلاتعطل جاری رکھی جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کے قیام اور شہریوں کو محفوظ ماحول کی فراہمی کے لیے اسلام آباد پولیس تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور کسی بھی جرائم پیشہ عنصر کو قانون کی گرفت سے بچنے نہیں دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 21

گاؤں حسین کوٹ میں سپرد خاک کردیا گیا اس موقع پر المصطفی رائٹرز فورم کے سربراہ سردار خادم طاہر سردار آفتاب عالم علامہ پیر سید حاکم شاہ گردیزی ڈاکٹر محمد اسرائیل سردار عمران رضا الیاس جنڈالوی اور حافظ محمد عرفان نے وقاص منصف کی اچانک وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جواں بیٹے کی وفات والدین کے لیے صدمہ کا باعث ہے چونکہ یہ قدرت کا قانون اس پر صبر شکر اجر و ثواب کا باعث بنتا ہے حادثے کی موت شہادت کے درجے میں آتی ہے انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور ورثا کو صبر دے آمین دکھ کی اس گھڑی میں ہم سردار منصف خان اور ان کی فیملی کے غم میں برابر کے شریک ہیں

بقیہ نمبر 22

کی تقسیم و تکمیل سمیت ٹیسٹ سیشن کے لئے سوالیہ پرچہ جات بنانے کی تشکیل اور جوابی پرچہ جات کی مارکنگ پر ٹریننگ اور جانچ پڑتال کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا ۔ ڈائریکٹر جنرل کریئر گروپ آف انسٹیٹیوشنز پروفیسر محمد عامر نے اپنے پالیسی بیان میں کہا کہ ٹیچر ٹریننگ پہلی مرتبہ مارچ میں مکمل کی تھی۔ دوسرے مرحلے میں جولائی کے اواخر میں شروع کریں گے ۔ ایل ایم ایس کے صحیح استعمال کے حوالے سے انتظامیہ اور والدین کو موثر گائیڈ لائن بھی دیں گے۔ جس سے اساتذہ والدین اور انتظامیہ کا باہمی ربط و مشاورت میں تسلسل کیساتھ بہتری آئے گی۔ اسلام آباد کریئرز کالج میں فرسٹ ایئر کے داخلے جاری ہیں۔جس میں طلباء کی کریئر کونسلنگ کی جارہی ہے۔فرسٹ ایئر سیکنڈ ایئر کلاسز کے ساتھ ساتھ پری میڈیکل اور پری انجینئرنگ کی تیاری فری کروائی جائے گی۔ جس طلباء کو ڈاکٹرز انجینئر بننے میں مالی اور تعلیمی مدد ملے گی

بقیہ نمبر 23

سے براہ راست ملاقات کر کے انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، علاج اور ادویات کی دستیابی کے بارے میں دریافت کیا۔انہوں نے ہسپتال میں صفائی ستھرائی، ادویات کے سٹاک، طبی آلات کی فعالیت، مریضوں کی سہولت، واش رومز، انتظار گاہوں اور مجموعی انتظامی امور کا بھی جائزہ لیا اور ہدایت دی کہ مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔کمشنر راولپنڈی نے واسا کو ہدایت کی کہ ہسپتال میں جاری سیوریج پراجیکٹ کو ترجیحی بنیاد پر مکمل کیا جائے۔

بقیہ نمبر 24

کے لیے یکساں اصول اختیار کیے جائیں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں رہنے والے لاکھوں کشمیری تقسیم ہند کے متاثرین کی اولاد ہیں جنہوں نے بے شمار قربانیاں دی ہیں،اس لیے انہیں کشمیری شناخت اور نمائندگی سے محروم کرنا ناانصافی ہوگی۔ان کا کہنا تھا کہ اگر پاکستان میں مقیم کشمیریوں سے ووٹ یا نمائندگی کا حق واپس لیا جاتا ہے تو پھر بیرون ملک دوہری شہریت رکھنے والے کشمیریوں کے انتخابی حقوق کا بھی از سر نو جائزہ لیا جانا چاہیے تاکہ سب کے لیے ایک ہی معیار نافذ ہو مقرر نے آزاد جموں و کشمیر الیکشن کمیشن کی ووٹر فہرستوں پر بھی اعتراض کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ پاکستان میں مقیم کشمیریوں کی تعداد سرکاری اعداد وشمار سے کہیں زیادہ ہے اور اس حوالے سے جامع تصدیق کی ضرورت ہے انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کی موجودہ قیادت کو بھی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ پارٹی کو بانی چیئرمین ذوالفقار علی بھٹو کے نظریات، کارکنوں کی قربانیوں اور مسئلہ کشمیر سے متعلق تاریخی موقف پر قائم رہنا چاہیے۔ان کا کہنا تھا کہ نظریاتی کارکنوں کو نظرانداز کیا جارہا ہے، جس سے کارکنوں میں بے چینی پائی جاتی ہے پریس کانفرنس کے دوران مقرر نے آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے اپیل کی کہ وہ موجودہ احتجاج، اس کی مبینہ فنڈنگ اور اس سے متعلق تمام معاملات کا شفاف جائزہ لینے کے لیے متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کریں انہوں نے تجویز پیش کی کہ اگر مہاجر نشستوں کے موجودہ نظام میں اصلاحات ناگزیر ہیں تو پاکستان میں مقیم کشمیریوں کی نمائندگی مکمل طور پر ختم کرنے کے بجائے ایسا متوازن نظام وضع کیا جائے جس سے ان کی شناخت اور سیاسی نمائندگی برقرار رہے، جبکہ انتخابی طریقہ کار میں ضروری اصلاحات کی جاسکتی ہیں پریس کانفرنس کے اختتام پر مقرر نے کہا کہ پاکستان میں مقیم کشمیریوں کے آئینی، قانونی اور جمہوری حقوق کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں تمام متعلقہ اداروں کو انصاف اور مساوات کے اصولوں کے مطابق فیصلہ کرنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 25

متعلق تازہ رکاوٹوں کے باعث ایندھن کی قیمتوں میں اضافہ شامل ہے۔بلوم برگ کے مطابق جاپان الیکٹرک پاور ایکسچینج کے اعداد وشمار میں بتایا گیا ہے کہ ملک بھر کی ڈے۔اہیڈ اسپاٹ بجلی قیمت بڑھ کر 13.20 ین فی کلوواٹ آور ہوگئی، جو ایک ہفتہ قبل کے مقابلے میں 64 فیصد زیادہ ہے۔رپورٹ کے مطابق یہ قیمت جون کے آغاز کے بعد بلند ترین سطح ہے۔ بڑھتے درجہ حرارت کے باعث ٹھنڈک کے نظام کے استعمال میں اضافہ ہوا، جس سے بجلی کی طلب پر دباؤ بڑھ گیا۔دوسری جانب آبنائے ہرمز کے ذریعے شپنگ میں پیدا ہونے والی نئی مشکلات نے ایندھن کی لاگت میں اضافہ کیا، جس کا اثر توانائی کی قیمتوں پر بھی پڑا۔ ماہرین کے مطابق جاپان جیسے توانائی درآمد کرنے والے ملک میں عالمی ایندھن کی قیمتوں اور موسم کی شدت کا بجلی کی لاگت پر براہ راست اثر پڑتا ہے، جبکہ آنے والے دنوں میں طلب اور رسد کی صورتحال مارکیٹ کی سمت کا تعین کرے گی۔

بقیہ نمبر 26

گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی کامل مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی قبر کو نور سے بھردے، اور پسماندگان کو یہ عظیم صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے

بقیہ نمبر 27

کو خصوصی احکامات جاری کردیے ہیں۔سی ٹی او نے ہدایت کی ہے کہ شہر کے کسی بھی ٹریفک سگنل پر کوئی بچہ، خاتون، بزرگ، خواجہ سرا یا معذور کی آڑ میں بھیک مانگنے والا اشخص نظر نہیں آنا چاہیے،اس مقصد کے لیے سیف سٹی کی ٹریفک مانیٹرنگ ٹیموں کو لحہ بہ لحہ فیلڈ اسٹاف سے رابطے میں رہنے کا حکم دیا، جبکہ خصوصی ٹیمیں تشکیل دے کر آپریشن کے لیے بڑی بسیں بھی فراہم کردی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 28

قوانین کی خلاف ورزی پر 66 ہزار سے زائد ڈرائیورز کے خلاف قانونی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔847,9 سے زائد گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں مختلف تھانوں میں بند، جبکہ سنگین خلاف ورزیوں پر 379 مقدمات درج کیے گئے۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد، سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد ٹریفک پولیس نے گزشتہ ایک ماہ کے دوران ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف خصوصی مہم جاری رکھی۔ اس دوران گاڑیوں اور موٹرسائیکل سواروں کے خلاف موثر کارروائیاں کرتے ہوئے 089,66 سے زائد ٹریفک خلاف ورزیوں پر قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی، جبکہ 562,6 موٹرسائیکلوں اور 285,3 گاڑیوں کو مختلف تھانوں میں بند کیا گیا۔اسی طرح سنگین نوعیت کی ٹریفک خلاف ورزیوں پر 379 مقدمات بھی درج کیے گئے۔لین وائیلیشن پر 625,7، رانگ وے ڈرائیونگ پر 392,4، بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل چلانے پر 569,3، غیر نمونہ نمبر پلیٹس کے استعمال پر 150,7، غلط پارکنگ پر 846,10، اوورلوڈنگ پر 105,4 جبکہ دیگر مختلف ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر بھی قانونی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔مزید برآں، اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ایجوکیشن ونگ نے شہریوں میں ٹریفک قوانین سے متعلق شعور اجاگر کرنے، روڈ سیفٹی کو فروغ دینے اور محفوظ سفری رویوں کی حوصلہ افزائی کے لیے سرکاری و نجی اداروں، تعلیمی اداروں، مارکیٹس اور اہم شاہراہوں پر 111 روڈ سیفٹی ورکشاپس اور دیگر آگاہی سرگرمیوں کا انعقاد کیا

بقیہ نمبر 29

کا جائزہ لینا تھا۔ڈپٹی کمشنر نے اپنے دورے کا آغاز گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول بوائز سنی بینک، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول اور لارنس کالج مری سے کیا جہاں انہوں نے تدریسی ماحول، کلاس رومز، بنیادی سہولیات، اساتذہ کی حاضری اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو تعلیمی اداروں میں معیاری تعلیم کے ساتھ صاف ستھرے ماحول کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ بعد ازاں انہوں نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال مری کا دورہ کیا جہاں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) کی غیر حاضری پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ذمہ دار افسران کے خلاف فوری محکمانہ کارروائی کا حکم دیا۔ ہسپتال کے مختلف وارڈز میں صفائی کے ناقص انتظامات پر بھی انہوں نے ناراضی کا اظہار کیا اور ہسپتال انتظامیہ کو ڈاکٹروں اور دیگر طبی عملے کی سو فیصد حاضری، مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات، مفت ادویات کی فراہمی اور ہسپتال میں ہر وقت صفائی برقرار رکھنے کی سخت ہدایات جاری کیں۔

بقیہ نمبر 30

خفیہ ایجنسی موساد کے اعلیٰ حکام سے رابطے رہے۔ رپورٹ میں امریکی حکام اور دیگر نامعلوم ذرائع کے حوالے سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ اسرائیل کئی برسوں سے ایران میں سیاسی تبدیلی کے ایک منصوبے پر کام کر رہا تھا، جس کے تحت محمود احمدی نژاد کو دوبارہ اقتدار میں لانے کی کوشش کی گئی۔ نیویارک ٹائمز کے مطابق، اگرچہ محمود احمدی نژاد اپنے دور حکومت میں اسرائیل مخالف بیانات اور سخت موقف کے باعث مشہور تھے، تاہم مبینہ طور پر بعد میں اسرائیلی حکام نے انہیں ایک ممکنہ سیاسی متبادل کے طور پر دیکھا۔رپورٹ میں یہ بھی دعویٰ کیا گیا ہے کہ موساد کے سربراہ ڈیوڈ برنیا نے 2024 میں ہنگری کے دارالحکومت بڈاپسٹ میں ہونے والی موسمیاتی تبدیلی کانفرنس کے موقع پر محمود احمدی نژاد سے ملاقات کی۔اخبار کے مطابق اس ملاقات کے لیے احمدی نژاد کو کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی گئی تھی اور ان کے سفر و رہائش کے اخراجات بھی مبینہ طور پر اسرائیلی فریق نے برداشت کیے۔ رپورٹ کے مطابق اسرائیلی اہلکاروں نے بیرون ملک مختلف مواقع پر بھی سابق ایرانی صدر سے ملاقاتیں کیں، جبکہ یہ منصوبہ 2022 میں شروع ہوا اور بعد ازاں غزہ جنگ کے باوجود جاری رہا۔ نیویارک ٹائمز نے مزید دعویٰ کیا ہے کہ فروری میں ایران پر حملوں کے آغاز کے دوران احمدی نژاد کے محافظوں کو نشانہ بنایا گیا تاکہ انہیں مبینہ طور پر نظر بندی" سے آزاد کرایا جاسکے، تاہم بعد میں انہوں نے مبینہ منصوبے سے خود کو الگ کرلیا۔محمود احمدی نژاد 2005 سے 2013 تک ایران کے صدر رہے

بقیہ نمبر 31

مسلم لیگ (ن) شاندار کامیابی حاصل کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے مسلم لیگ (ن) کی عوامی خدمت، ترقیاتی منصوبوں اور مثبت سیاسی کردار پر ہمیشہ اعتماد کا اظہار کیا ہے، جس کا ثبوت آئندہ انتخابات میں بھی ملے گا۔ راجہ ساجد محمود عباسی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے ہمیشہ ملک اور آزاد کشمیر کی ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکن منظم انداز میں انتخابی مہم کی تیاریوں میں مصروف ہیں اور عوام کے بھرپور تعاون سے مسلم لیگ (ن) واضح اکثریت حاصل کرے گی

بقیہ نمبر 32

وطن کو بھرپور خراج عقیدت پیش کیا گیا۔قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے شہداء نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر ملک کی سلامتی، خودمختاری اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنایا،شہداء کی عظیم قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں اور انہیں کسی بھی مادی مفاد یا تنخواہ سے جوڑنا نامناسب ہے۔قرارداد میں کہا گیا کہ شہداء کی قربانیوں کو تنخواہ یا مالی مفاد سے جوڑنا ان کے بلند مرتبے اور اہل خانہ کے جذبات کے منافی ہے، جبکہ شہادت ایثار، حب الوطنی، ایمان اور فرض شناسی کی اعلیٰ ترین مثال ہے۔متن کے مطابق شہداء کی قربانیوں کی اہمیت کم کرنے یا ان کی توہین کا باعث بننے والا ہر بیان قابل افسوس ہے۔پنجاب اسمبلی پاک فوج، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور دیگر سیکیورٹی فورسز کے تمام شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتی ہے اور شہداء کے اہل خانہ کے ساتھ مکمل یکجہتی اور بھرپور اظہار ہمدردی کا اعادہ کرتی ہے۔قرارداد میں کہا گیا کہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے لیے جانیں قربان کرنے والے شہداء کو ہمیشہ عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا، تمام سیاسی اور مذہبی رہنماؤں سے قومی معاملات اور شہداء سے متعلق بیانات میں ذمہ داری، احتیاط اور احترام برتنے کی اپیل بھی کی گئی ہے۔قرارداد میں مولانا فضل الرحمٰن کے حالیہ بیان کی شدید مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا گیا ہے کہ شہداء سے متعلق غیر ذمہ دارانہ بیانات کی حوصلہ شکنی کی جائے جبکہ ریاست سے استدعا کی گئی ہے کہ ایسے عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے جو شہداء کے احترام کو مجروح کریں۔قرارداد میں اس عزم کا بھی اعادہ کیا گیا کہ شہداء کی قربانیاں ہمیشہ قوم کے لیے مشعل راہ اور باعث افتخار رہیں گی۔

بقیہ نمبر 33

آفیشل فیس بک پیج کے ذریعے لائیو ای۔کچہری کا انعقاد کیا، جس میں ملک بھر سے خواتین مستحقین نے فون کالز کے ذریعے اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ای۔کچہری کے دوران اپنے پیغام میں سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کی خصوصی ہدایات پر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام نے مستحق خواتین کی سہولت، شفافیت اور آسانی کے لیے ڈیجیٹل والٹ کا نیا نظام متعارف کرایا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس نظام کا مقصد خواتین کو لمبی قطاروں، غیر ضروری رش اور انتظار کی زحمت سے بچاتے ہوئے ادائیگی کے عمل کو مزید محفوظ، آسان اور باوقار بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہر نئے نظام کی طرح ابتدائی مرحلے میں کچھ مشکلات پیش آسکتی ہیں، تاہم وقت گزرنے کے ساتھ یہ نظام مزید موثر اور سہل ہوجائے گا۔آئندہ ادائیگیوں میں خواتین اپنی سہولت کے مطابق کسی بھی مجاز بینک ریٹیلر شاپ سے اپنی رقم وصول کرسکیں گی۔چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے خواتین کو ہدایت کی کہ جن مستحقین نے ابھی تک بی آئی ایس پی دفتر سے اپنی مفت بینظیر سم حاصل نہیں کی، یا کسی اور ذریعے سے سم لی ہے، وہ لازماً اپنے قریبی بی آئی ایس پی دفتر سے جاری کردہ بینظیر سم حاصل کریں، کیونکہ بینظیر کفالت پروگرام کی رقم صرف اسی سم سے منسلک ڈیجیٹل والٹ میں منتقل کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ سم حاصل کرتے وقت خواتین اپنا اصل قومی شناختی کارڈ اور ذاتی موبائل فون ساتھ لائیں، عملے سے کہیں کہ سم ان کے موبائل فون میں خود نصب کرے اور اپنا موبائل نمبر اپنے پاس محفوظ رکھیں۔سینیٹر روبینہ خالد نے بتایا کہ رقم ڈیجیٹل والٹ میں منتقل ہونے پر متعلقہ بینک کی جانب سے ایس ایم ایس موصول ہوگا، جبکہ رقم وصول کرنے کے بعد بھی تصدیقی پیغام آئے گا، جس میں منتقل اور وصول کی گئی رقم کی مکمل تفصیلات درج ہوں گی۔خواتین ان پیغامات کی مدد سے تصدیق کرسکتی ہیں کہ انہیں پوری رقم موصول ہوئی ہے۔انہوں نے خبردار کیا کہ اگر کوئی ریٹیلر رقم میں کٹوتی کرے یا پوری رقم ادا نہ کرے تو خواتین فوری طور پر ایس ایم ایس کی بنیاد پر اپنی مکمل رقم کا مطالبہ کریں اور بی آئی ایس پی کے عملے یا ہیلپ لائن پر شکایت درج کرائیں۔چیئرپرسن نے زور دیا کہ رقم وصول کرتے وقت اپنا موبائل فون کسی بھی صورت ریٹیلر کے حوالے نہ کریں، کیونکہ ادائیگی کے لیے صرف اصل شناختی کارڈ اور بائیومیٹرک تصدیق درکار ہوتی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ خواتین اپنا موبائل فون ہمیشہ اپنے پاس رکھیں تا کہ کوئی شخص ان کے پیغامات یا شکایت سے متعلق معلومات حذف نہ کرسکے۔انہوں نے مزید کہا کہ امدادی رقم خواتین کے ڈیجیٹل والٹ میں محفوظ رہے گی، اس لیے فوری رقم نکلوانے کی ضرورت نہیں۔خواتین ہفتہ اور اتوار سمیت کسی بھی مناسب وقت پر اپنی رقم وصول کرسکتی ہیں۔انہوں نے یہ بھی ہدایت کی کہ رقم صرف بینک کی مجاز ریٹیلر شاپ ہی سے وصول کی جائے اور کسی شخص کے گھر یا کسی دوسری جگہ پر یہ رقم ہرگز نہ لی جائے۔سینیٹر روبینہ خالد نے مستحق خواتین سے اپیل کی کہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی افواہوں اور غیر مصدقہ معلومات پر ہرگز یقین نہ کریں۔انہوں نے کہا کہ مستند معلومات، رہنمائی یا کسی بھی شکایت کے اندراج کے لیے بی آئی ایس پی کے سرکاری سوشل میڈیا پلیٹ فارمز، قریبی بی آئی ایس پی دفتر یا بی آئی ایس پی ہیلپ لائن 080026477 سے رابطہ کریں۔انہوں نے مزید بتایا کہ بی آئی ایس پی کے سرکاری فیس بک پیج پر شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی تصویر اور نیلے رنگ کا تصدیقی نشان (Blue Tick) موجود ہے، جہاں سے پروگرام سے متعلق مستند معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ای۔کچہری کے دوران خواتین مستحقین نے مختلف مسائل اور سوالات پیش کیے، جن پر چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے متعلقہ افسران کو فوری کارروائی اور بروقت حل یقینی بنانے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ مستحق خواتین کا اعتماد اور تعاون پروگرام کی بہتری کے لیے نہایت اہم ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی خاتون کو دھمکیوں یا افواہوں سے خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں، کیونکہ کسی فرد کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ کسی مستحق خاتون کی امدادی رقم بند کرسکے۔انہوں نے خواتین پر زور دیا کہ وہ بلاخوف وخطر اپنی شکایات درج کرائیں تاکہ ذمہ دار عناصر کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جاسکے

بقیہ نمبر 34

تنخواہ سے جوڑنا نہ صرف غیر منصفانہ بلکہ شہداء اور انکے خاندانوں کی دل آزاری ہے۔خواجہ آصف نے کہا کہ کوئی شخص محض تنخواہ کیلئے اپنی قیمتی جان کی قربانی نہیں دیتا، جان کی قربانی کے پیچھے کسی نظریے، عقیدے، فرض اور وطن سے گہری وابستگی ہوتی ہے، آپ حالات وواقعات یا طریقہ کار سے اختلاف کرسکتے ہیں، مگر اس نظریے، وابستگی، محبت اور قربانی کی توہین نہیں کرسکتے۔وزیردفاع نے کہا کہ دہشتگردی کیخلاف جنگ جاری ہے اور پاک فوج سمیت دیگر اداروں کے جوان اور شہری شہادتیں دے رہے ہیں، ان کی قربانی کو تنخواہ کا نتیجہ قرار دینا سیاسی تنقید نہیں بلکہ اخلاقی بے حسی ہے۔وزیردفاع خواجہ آصف نے مزید کہا کہ مولانا صاحب نے صرف ایک ادارے کو نہیں، ہزاروں شہداء، غازیوں، بیواؤں اور یتیموں کے جذبات کو مجروح کیا ہے۔

بقیہ نمبر 35

تنخواہ سے جوڑنا نہ صرف غیر منصفانہ بلکہ شہداء اور انکے خاندانوں کی دل آزاری ہے۔خواجہ آصف نے کہا کہ کوئی شخص محض تنخواہ کیلئے اپنی قیمتی جان کی قربانی نہیں دیتا، جان کی قربانی کے پیچھے کسی نظریے، عقیدے، فرض اور وطن سے گہری وابستگی ہوتی ہے، آپ حالات وواقعات یا طریقہ کار سے اختلاف کرسکتے ہیں، مگر اس نظریے، وابستگی، محبت اور قربانی کی توہین نہیں کرسکتے۔وزیردفاع نے کہا کہ دہشتگردی کیخلاف جنگ جاری ہے اور پاک فوج سمیت دیگر اداروں کے جوان اور شہری شہادتیں دے رہے ہیں، ان کی قربانی کو تنخواہ کا نتیجہ قرار دینا سیاسی تنقید نہیں بلکہ اخلاقی بے حسی ہے۔وزیردفاع خواجہ آصف نے مزید کہا کہ مولانا صاحب نے صرف ایک ادارے کو نہیں، ہزاروں شہداء، غازیوں، بیواؤں اور یتیموں کے جذبات کو مجروح کیا ہے۔

بقیہ نمبر 36

کامیابیوں کے ذریعے نہ صرف پاکستان کا مثبت تشخص دنیا بھر میں اجاگر کر رہے ہیں بلکہ بین الاقوامی منڈیوں، سرمایہ کاری، جدید ٹیکنالوجی اور معاشی مواقع کو پاکستان سے جوڑنے میں بھی کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار اسلام آباد میں نیویارک چیمبر آف سمال بزنس کارپوریشن، امریکہ کے بانی صدر سید علمدار حسین شاہ کی قیادت میں امریکہ، متحدہ عرب امارات، قطر اور پاکستان سے تعلق رکھنے والے ممتاز کاروباری رہنماؤں پر مشتمل وفد کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔چیئرمین سینیٹ نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ان کا دورہ اس امر کا مظہر ہے کہ اوورسیز پاکستانی کاروباری برادری پاکستان کی معاشی ترقی، سرمایہ کاری کے فروغ اور قومی خوشحالی میں بھرپور کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ قانون سازوں، حکومتی اداروں اور مقامی کاروباری حلقوں کے ساتھ وفد کی ملاقاتیں دونوں جانب اعتماد، تعاون اور مضبوط معاشی روابط کے فروغ میں اہم سنگ میل ثابت ہوں گی۔

بقیہ نمبر 37

درمیان خواتین کو بااختیار بنانے اور دوطرفہ تعاون کے فروغ پر اتفاق ہوا ہے۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق بنگلہ دیش کے وزیر سماجی بہبود ڈاکٹر زاہد حسین نے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات اور مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے دوران نائب وزیراعظم نے او آئی سی خواتین وزارتی کانفرنس میں شرکت پر بنگلہ دیشی وزیر کا خیر مقدم کیا۔وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے او آئی سی کے پلیٹ فارم اور دیگر بین الاقوامی فورمز پر خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا ترجمان کے مطابق پاکستان اور بنگلہ دیش کے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا بھی اظہار کیا اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کیلئے پاکستان کی آمادگی پر زور دیا۔دفتر خارجہ کے ترجمان کا کہنا تھا کہ دونوں رہنماؤں نے تجارت، تعلیم، سماجی بہبود اور عوامی روابط سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ نمبر 38

ہرمز کے معاملے پر اپنے موقف سے کسی بھی صورت پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز جنگ، شرارت یا امریکی جارحیت کے ذریعے دوبارہ نہیں کھلے گی۔اس اہم آبی گزرگاہ کی بحالی کا واحد راستہ ایرانی عوام کے حقوق کا احترام اور ایران کے جائز مطالبات کو تسلیم کرنا ہے۔بریگیڈیئر جنرل اکرمینیا نے مزید کہا کہ ایران اپنی قومی خودمختاری اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ ان کے مطابق حالیہ کشیدگی اور فوجی حملوں کے بعد ایران اپنے دفاعی موقف پر قائم ہے اور اپنے قومی مفادات کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کرے گا۔

بقیہ نمبر 39

فالو اپ کمیٹی کے تحت کام کر رہا تھا) نے اعلان کیا کہ کمیٹی کے سربراہ نے استعفیٰ دے دیا ہے، ہنگامی حکومتی کمیٹی کو تحلیل کردیا گیا ہے اور غزہ کے انتظامی امور قومی کمیٹی برائے انتظام غزہ کے سپرد کرنے کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ یہ قومی کمیٹی بورڈ آف پیس (Board of Peace) کی نگرانی میں تشکیل دی گئی ہے، جو جنگ بندی کے معاہدے کے بعد غزہ کے انتظام، تعمیر نو اور عبوری انتظامی امور کی نگرانی کے لیے قائم کیا گیا ایک بین الاقوامی ادارہ ہے۔اس سے قبل بھی غزہ کی حکومتی انتظامیہ اور حماس متعدد مواقع پر واضح طور پر اعلان کر چکے تھے کہ وہ غزہ کی سول اور انتظامی ذمہ داریاں ایک قومی تکنیکی (ٹیکنوکریٹ) کمیٹی کے حوالے کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔ یہ اقدام فلسطینی عوام کے وسیع تر قومی مفاد، داخلی اتحاد کے فروغ، اور غزہ میں ایک موثر و منظم انتظامی ڈھانچہ قائم کرنے کی سنجیدہ کوشش کے طور پر سامنے آیا ہے۔ اس کا مقصد جاری جنگ، انسانی بحران، تعمیر نو میں تاخیر، محاصرے، سرحدی گزرگاہوں کی بندش اور اسرائیلی افواج کے انخلا میں رکاوٹوں کے باعث پیدا ہونے والی مشکلات کو کم کرنا بھی ہے۔ یہ فیصلہ مختلف فلسطینی دھڑوں، قبائلی و خاندانی قیادت، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور اقوام متحدہ کے متعلقہ فریقوں سے مشاورت کے بعد کیا گیا ہے، تاکہ جنگ بندی کے معاہدے کے دوسرے مرحلے پر مکمل درآمد کی راہ ہموار ہو، اسرائیل کے ممکنہ اعتراضات اور جوازختم کیے جائیں اور غزہ میں انتظامی خلا پیدا کرنے کی کوششوں کو ناکام بنایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 40

جوانوں کی قربانیوں کی مرہون منت ہے، برف پوش چوٹیوں، ریگستانوں یا دہشت گردی ہر محاذ پر جانیں قربان کیں۔وفاقی وزیر پارلیمانی امور نے کہا کہ شہدا کے لہو سے لکھی تاریخ کسی سیاسی بیان یا طنز سے نہیں مٹ سکتی، عظیم قربانیوں کی قدر کسی صورت کم نہیں ہوسکتی، اختلاف رائے حق، مگر محافظوں اور شہدا کا احترام مشترکہ ذمہ داری ہے۔ طارق فضل چوہدری جب بھی وطن نے پکارا، سپوتوں نے پاکستان پہلے" کا عملی ثبوت دیا، شہدا کی قربانیوں کی بدولت ہی آج سبز ہلالی پرچم سربلند ہے۔

بقیہ نمبر 41

کشمیر پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کشمیری عوام کی بے مثال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہر محاذ پر کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھی ہے۔انہوں نے معرکہ حق میں بھارت کے خلاف پاکستان کی کامیابی کو ایک تاریخی کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کشمیری حریت قیادت گزشتہ کئی برسوں سے بھارتی جیلوں میں قید ہے، جبکہ بھارت غیر قانونی طور پر بھارتی غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر (IIOJK) میں جعلی ڈومیسائل جاری کر کے مقبوضہ علاقے کی آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی کوشش کر رہا ہے، جو بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔رانا محمد قاسم نون نے اس موقع پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مسئلہ کشمیر کو موثر انداز میں اجاگر کرنے کے لیے قومی سطح پر ایک قومی کانفرنس برائے کشمیر کا انعقاد ضرور ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اس کانفرنس میں تمام سیاسی جماعتوں، پارلیمنٹ کے اراکین، ماہرین، دانشوروں، سول سوسائٹی، نوجوانوں اور کشمیری قیادت کو یکجا کیا جائے تاکہ مسئلہ کشمیر پر قومی اتفاق رائے کو مزید مضبوط بنایا جا سکے اور عالمی سطح پر کشمیری عوام کا موقف مزید موثر انداز میں پیش کیا جا سکے۔سندس ملک نے بھی مسئلہ کشمیر پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر مزید موثر انداز میں اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کشمیر کاز کے لیے رانا محمد قاسم نون کی مسلسل کاوشوں کو سراہا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان کی اس کمیٹی میں نمائندگی موجود نہیں جو مسئلہ کشمیر پر کام کر رہی ہے، جبکہ اس قومی مسئلے پر تمام سیاسی جماعتوں کی موثر شمولیت ضروری ہے۔ رانا محمد قاسم نون نے اس تجویز کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر کے معاملے پر قومی یکجہتی اور وسیع تر سیاسی اتفاق رائے وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے مزید کہا کہ مسئلہ کشمیر کا پائیدار حل سیاسی اور سفارتی ذرائع سے ہی ممکن ہے۔رانا محمد قاسم نون نے ایم کیو ایم پاکستان کی عوامی خدمات، بالخصوص تعلیم کے شعبے میں اس کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ تعلیم کے فروغ کے لیے جماعت کی کوششیں قابل تحسین ہیں۔ ملاقات کے اختتام پر وفاقی وزیر و چیئرمین پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر رانا محمد قاسم نون نے معزز مہمانوں کو گلدستے اور یادگاری کشمیری اسکارف پیش کیے

بقیہ نمبر 42

پنجاب کی واضح ہدایت ہے کہ گندم، آٹے اور روٹی کی قیمتوں کو کسی صورت بڑھنے نہیں دیا جائے گا اور یہ بنیادی اشیائے خورد ونوش صوبے کے عام شہریوں اور غریب طبقات کی دسترس میں رکھی جائیں گی۔ ڈائریکٹر جنرل فوڈ پنجاب نے بتایا کہ سرکاری ذخائر کا اجراء ایک مربوط حکمت عملی کے تحت جاری رہے گا اور مارکیٹ میں قیمتوں کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے۔ ذخیرہ اندوزی یا مصنوعی قلت پیدا کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور ان کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی

بقیہ نمبر 43

مقبول صدیقی نے مزید کہا کہ خراج کے اس اہم موڑ پر ان مجاہدوں کی خدمت پر سوال اٹھانا ملک اور ملت کے ساتھ بڑی زیادتی ہے، ہم سب کو اپنے سیاسی مفادات کو قومی مفاد کے تابع رکھنا چاہیے، انہوں نے کہا ایسی زبان سے گریز کریں جس سے جوانوں کے حوصلے اور شہدا کے گھرانوں کے جذبات پر ضرب پڑے

بقیہ نمبر 44

قوم کے جذبات مجروح ہوئے ہیں، لانا فضل الرحمان اپنے بیان پر قوم، شہداء کے لواحقین اور سیکورٹی فورسز سے معذرت کریں، نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے فیاض الحسن چوہان نے مزید کہا کہ پاکستان اس وقت دہشت گردی کے خلاف ایک اہم جنگ لڑ رہا ہے اور پاک فوج، سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور جوان روزانہ اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔انہوں نے اپنی پریس کانفرنس کو شہید میجر عدنان حیدر اور ایس ایس جی کمانڈو تحسین شہید کے نام منسوب کرتے ہوئے کہا کہ یہ جوان تنخواہ کے لیے نہیں بلکہ وطن، قوم اور آئندہ نسلوں کے محفوظ مستقبل کے لیے اپنی جانیں قربان کرتے ہیں، اسلام کی پوری تاریخ میں مجاہدین اور سپاہیوں کو بیت المال سے وظائف اور معاوضے ملتے رہے ہیں، اس لیے تنخواہ لینے کو شہادت کی عظمت سے جوڑنا تاریخی اور دینی حقائق کے بھی منافی ہے،انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کے حالیہ ریمارکس سے نہ صرف پاک فوج بلکہ شہداء کے خاندانوں اور پوری پاکستانی قوم کے جذبات مجروح ہوئے ہیں

بقیہ نمبر 45

سے نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ کی سربراہی میں تشکیل دی گئی کشمیر کمیٹی کا اجلاس جماعت اسلامی اسلام آباد کے دفتر میلوڈی اسلام آباد میں ہوا۔اجلاس کی صدارت لیاقت بلوچ نے کی، اجلاس میں امیر جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر ڈاکٹر محمد مشتاق خان، نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان میاں محمد اسلم، جماعت اسلامی آزاد کشمیر کے سابق امراء عبدالرشید ترابی، ڈاکٹر خالد محمود خان، سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی آزاد کشمیر جہانگیر خان، نائب امراء کشمیر نورالباری، محمد صغیر قمر، امیر جماعت اسلامی اسلام آباد نصراللہ رندھاوا، جماعت اسلامی پاکستان کے سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی، صدر تنظیم تاجران پاکستان کاشف چوہدری، سید سلیم گردیزی، قاضی شاہد حمید، نوید احمد خان، راجہ ذاکر خان، سردار محمد جاوید اور شاہد اجمل چوہدری نے شرکت کی۔اجلاس میں آزاد کشمیر کی حالیہ کشیدہ صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع پر لیاقت بلوچ نے کہا کہ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے آزاد کشمیر کے امیر ڈاکٹر محمد مشتاق خان کی طرف سے دی گئی بریفنگ کی روشنی میں یہ کمیٹی تشکیل دی تھی، آج کمیٹی کا پہلا اجلاس ہوا ہے جس میں امن جرگہ تشکیل دیا گیا ہے، یہ جرگہ وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف، صدر آصف علی زرداری، مقتدر و بااختیار شخصیات اور آزاد جموں وکشمیر کی حکومت، سیاسی جماعتوں اور دینی قیادت سے رابطے اور ملاقاتیں کرے گا تاکہ حالیہ تنازعے کا پرامن حل نکالا جاسکے لیاقت بلوچ نے کہا کہ اگر چہ آزاد کشمیر میں انتخابات کی اہمیت کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا لیکن عوامی مسائل کی بھی بے پناہ اہمیت ہے، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ رابطے اور مشاورت کی، اور جرگہ تشکیل دینے کا اعلان کیا جس کا آزاد کشمیر کے عوام نے خیر مقدم کیا اور عوامی جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے بھی اس پر مثبت ردعمل دیتے ہوئے جماعت اسلامی کی ثالثی کی کوششوں کو سراہا۔

بقیہ نمبر 46

منصوبہ پیش کیا ہے۔عراقچی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر بیان دیتے ہوئے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں کی محفوظ آمد ورفت یقینی بنانے والے فریق کو معاوضہ ملنا چاہیے تاہم ایران ہمیشہ اس اہم آبی گزرگاہ کا محافظ رہا ہے اور آئندہ بھی رہے گا۔

بقیہ نمبر 47

رساں ایجنسی کے مطابق ترجمان چینی وزارت خارجہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ تمام ممالک ایسے اقدامات سے اجتناب کریں جو موجودہ صورتحال کو مزید سنگین یا پیچیدہ بنا سکتے ہوں

بقیہ نمبر 48

میں سونے کی قیمت میں 5 ہزار 600 روپے کی کمی ہوئی ہے جس کے بعد فی تولہ سونا 4 لاکھ 24 ہزار 136 روپے کا ہوگیا ہے۔ایسوسی ایشن کے مطابق اسی طرح 10 گرام سونے کا بھاؤ 4 ہزار 801 روپے کم ہوکر 3 لاکھ 63 ہزار 628 روپے ہے۔دوسری جانب عالمی بازار میں سونے کا بھاؤ 56 ڈالر کم ہوکر 4017 ڈالر فی اونس ہے۔

بقیہ نمبر 49

پاکستان کے تمام اثاثے، جائیدادیں، حقوق اور واجبات پاک ٹیلی کام موبائل لمیٹڈ کو منتقل ہوجائیں گے، جبکہ ٹیلی نار پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ مزید کسی کارروائی کے بغیر تحلیل شدہ تصور ہوگی۔ عدالت نے ہدایت کی کہ درخواست گزار فیصلے کی تصدیق شدہ کاپی رجسٹرار ایس ای سی پی میں جمع کرائیں اور رجسٹرار سکیم پر عملدرآمد کے لیے قانون کے مطابق ضروری اقدامات کریں۔

بقیہ نمبر 50

پاکستان سعودی عرب کی سلامتی کے لیے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتا ہے، پاکستان اس نازک گھڑی میں برادر ملک سعودی عرب کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن، استحکام، سلامتی اور افہام و تفہیم کے لیے مخلصانہ کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز سعودی عرب کے ابہا ایئرپورٹ پر حوثی باغیوں نے میزائل حملے کیے تھے

بقیہ نمبر 51

میں امریکی فوج کے اسلحہ ذخیرہ گاہوں اور فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا ہے پاسداران انقلاب کے بیان میں کہا گیا ہے کہ بحرین میں اسلحہ ذخیرہ کرنے والے ہینگرز اور کویت میں امریکی ڈرونز کی تعیناتی کے مقامات کو نشانہ بنایا گیا جس سے متعدد ڈرون تباہ یا نقصان کا شکار ہوئے۔پاسداران انقلاب نے اپنے بیان میں کہا کہ امریکی جارحیت کا جواب اور سزا اس وقت تک جاری رہے گی جب تک امریکا اپنی کارروائیاں بند نہیں کرتا۔ اگر حملے دہرائے گئے تو اس سے بھی زیادہ حیران کن جواب دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 52

جاری اپنے بیان میں کہا کہ مشرق وسطیٰ کی قیادت کے ساتھ انتہائی مثبت اور تعمیری مذاکرات کے بعد انہوں نے آبنائے ہرمز پر فیس کا فیصلہ واپس لے لیا۔صدر ٹرمپ نے مزید کہا کہ میں نے اب آبنائے ہرمز میں سے گزرنے والے کارگو بحری جہازوں پر مجوزہ 20 فیصد امریکی ری ایمبرسمنٹ فیس نافذ نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اس فیس کے بجائے خلیجی ممالک امریکا میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کریں گے اور دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے کے لیے نئے معاہدے کیے جائیں گے جن سے امریکی معیشت کو براہ راست فائدہ پہنچے گا صدر ٹرمپ نے فیس کا فیصلہ واپس لینے کے اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اس کی جگہ خلیجی ممالک کی جانب سے امریکا میں سرمایہ کاری اور تجارتی معاہدوں کو ترجیح دی جائے گی۔ یہ فیصلہ ایسے وقت میں سامنے آیا جب آبنائے ہرمز کی سیکیورٹی، ایران کے ساتھ کشیدگی اور عالمی توانائی کی سپلائی ایک مرتبہ پھر عالمی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔یہ اعلان وائٹ ہاؤس میں عراق کے وزیراعظم سے ملاقات سے چند لمحے قبل سامنے آیا۔ صدر ٹرمپ نے گزشتہ روز اعلان کیا تھا کہ آبنائے ہرمز میں امریکی بحریہ کی جانب سے فراہم کی جانے والی سیکیورٹی کے اخراجات پورے کرنے کے لیے اس اہم بحری گزرگاہ سے گزرنے والے کارگو پر 20 فیصد فیس عائد کی جائے گی۔ان کا موقف تھا کہ امریکا عالمی جہازرانی اور تیل کی ترسیل کے تحفظ کے لیے بھاری وسائل استعمال کرتا ہے اس لیے اس کے اخراجات میں شراکت ہونی چاہیے۔تاہم صدر ٹرمپ کے اس اعلان کے چند گھنٹوں بعد ہی اسے شدید قانونی اور سفارتی تنقید کا سامنا کرنا پڑا

بقیہ نمبر 53

کوٹھر پیپلز پارٹی سے مستعفی ہوکر جمعیت علمائے اسلام میں شامل ہوگئے تھے۔مقتول ماجد ستی کا تعلق پی ٹی آئی سے تھا اور پلاٹ پر قبضہ روکنے پر ماجد ستی کو قتل کیا گیا۔

وفاقی وزیر سید عمران شاہ سے ترکیہ کی وزیر خاندانی امور ملاقات کر رہی ہیں

کم از کم اجرت میں اضافہ، لیبر قوانین میں متنازع ترامیم واپس لینے کا مطالبہ

نیشنل لیبر فیڈریشن کے وفد کی صوبائی وزیر خواجہ منشاء اللہ بٹ سے ملاقات، اہم امور پر گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) کم از کم اجرت میں فوری اضافہ، لیبر قوانین میں متنازع ترامیم واپس لینے اور لیبر گورننس کو مؤثر بنانے کا مطالبہ نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان کے وفد کی صوبائی وزیر محنت پنجاب خواجہ منشاء اللہ بٹ سے ملاقات لاہور: نیشنل لیبر فیڈریشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

ڈی سی جہلم میر رضا اوزگن کا ہسپتال اور نرسنگ اسکول کا دورہ

انتظامات، صفائی ستھرائی اور طلبہ کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات کا جائزہ

جہلم (نمائندہ شہرنامہ) طبی تعلیم کے معیار، طلبہ کو دستیاب سہولیات اور تدریسی ماحول کا جائزہ لینے کے لیے ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن نے کالج آف نرسنگ ڈسٹرکٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن نے کالج آف نرسنگ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال اور گورنمنٹ اسکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز جہلم کا دورہ کر رہے ہیں

جھوک شریف کی بجلی 11 سال سے بند، شہر اندھیرے میں ڈوب گیا

٭ٹرانسفار مراترے تو روشنی بھی رخصت، ترقی خوشحالی کے دعوے ٹوپی ڈرامہ 21ویں صدی میں بھی جھوک شریف بجلی سے محروم

طلبہ، تاجر اور شہری پریشان؛ جھوک شریف میں بجلی کا بحران گیارہویں سال میں داخل منتخب نمائندے خاموش، مکینوں کو اندھیروں میں جھونک دیا گیا

جھوک (نمائندہ شہرنامہ) صوفی شاہ عنایت شہید کے تاریخی شہر جھوک شریف میں گزشتہ 11 سال سے بجلی کی فراہمی معطل ہے، جس کے باعث پورا شہر اندھیرے میں ڈوبا ہوا ہے اور ہزاروں شہری شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ سال 2015 کے بلدیاتی انتخابات کے دوران واپڈا حکام کروڑوں روپے کے بقایاجات کا جواز پیش کرتے ہوئے شہر کے دو مرکزی ٹرانسفار مراتار کر لے گئے۔ اس کے بعد شہریوں نے متعدد بار احتجاجی مظاہرے کیے، سڑکیں بند کیں، مگر کسی بھی منتخب نمائندے نے اس مسئلے کا سنجیدگی سے نوٹس نہیں لیا۔ گیارہ سال سے بجلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

مانسہرہ، گراں فروشوں کا راج، آٹا کے نرخوں میں اضافہ

گراں فروشوں کے خلاف کارروائی کی جائے، شہری عوامی حلقوں کا مطالبہ

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ میں گراں فروشوں کا راج، آٹا کے نرخوں میں اضافہ، قیمت خرید غریبوں عوام کی قوت خرید سے باہر، انتظامیہ بے بس، عوام سراپا احتجاج، آٹا گھی چینی چاول اور دالوں کی قیمتیں کم اور گراں فروشوں کے خلاف کارروائی کی جائے، شہری عوامی حلقوں کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ سمیت گردونواح کے علاقوں میں آٹا کی قیمت میں مسلسل اضافہ کر دیا گیا ہے بعض تاجر دوکانداروں نے ستا آٹا کے ریٹ بڑھا لئے ہیں جبکہ چند روز قبل مارکیٹ میں پچیس تا چھبیس سو روپے میں فروخت ہونے والے 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے، کمشنر راولپنڈی

کمشنر راولپنڈی کا ہولی فیملی ہسپتال کو دورہ، وزیر اعلی پنجاب فری میڈیسن ڈیلیوری اور ڈائیلاسز پروگرام کا جائزہ

ہولی فیملی ہسپتال میں کے پی، کشمیر کے مریضوں کی وجہ سے پیشنٹ لوڈ بہت زیادہ ہے مسائل کو حل کیا جائے گا، سلمان غنی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے ہولی فیملی ہسپتال کا دورہ کیا اور مختلف وارڈز بشمول ایمرجنسی، کیتھ لیب، سی سی یو، او پی ڈی میں دی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایم ایس ہولی فیملی ڈاکٹر اعجاز، اسسٹنٹ کمشنر سٹی ایمان ظفر، ڈائریکٹر ہیلتھ و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ کمشنر راولپنڈی نے وزیر اعلی پنجاب فری میڈیسن ڈیلیوری اور ڈائیلاسز پروگرام کا تفصیلی جائزہ بھی لیا۔ انہوں نے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل سٹاف اور دیگر ملازمین کی حاضری چیک کی اور مریضوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

آئی ایس ایس آئی، گول میز کانفرنس کا انعقاد

علاقائی سلامتی کی صورتحال میں ہونے والی تبدیلیوں کی سنگینی پر زور دیا گیا

اسلام آباد (راجہ جاوید اختر سے) انسٹی ٹیوٹ آف اسٹریٹجک اسٹڈیز اسلام آباد (آئی ایس ایس آئی) نے گزشتہ روز "بھارت کی سمندر پر مبنی ایٹمی صلاحیتیں: پاکستان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

دفاعِ وطن میں جان دینے والے شہدا قوم کا فخر، شرجیل میمن

کراچی (آئی این پی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا اور غازی پوری قوم کا فخر ہیں۔ اپنے بیان میں سینئر صوبائی وزیر نے کہا کہ شہدا اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

اسٹیٹ بینک اور آر ڈی اے میں اہم اجلاس

اپنا گھر پروگرام، ہاؤسنگ سکیموں سمیت اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

راولپنڈی (خصوصی رپورٹ) اسٹیٹ بینک آف پاکستان (بینکنگ سروسز کارپوریشن) راولپنڈی اور راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی (آر ڈی اے) کے درمیان وزیر اعظم کے فلیگ شپ منصوبے "اپنا گھر پروگرام گھر ہو تو اپنا" کے مؤثر نفاذ اور سہولت کاری کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں آر ڈی اے کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل سید مسعود بخاری، قائم مقام چیف مینیجر اسٹیٹ بینک بی ایس سی راولپنڈی سیدہ اسماء عزیز، سینئر ڈپٹی چیف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

برطانیہ، اسلامی اجتماع کو نشانہ بنانے کا خطرہ، 12 افراد گرفتار

لندن (آئی این پی) برطانوی پولیس نے انتہا پسند دائیں بازو کے حملوں کے خطرے پر 12 افراد کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق اسلامی اجتماع کو مبینہ طور پر نشانہ بنائے جانے کے خطرے پر گرفتاریاں کی گئی ہیں۔ یہ گرفتاریاں انتہا پسند دائیں بازو کی دہشت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

جاپان، بجلی قیمتوں میں اضافہ، گرمی ہرمز بحران نے نیا دباؤ ڈال دیا

ٹوکیو (آئی این پی) جاپان میں بجلی کی اسپاٹ قیمتیں چھ ہفتوں کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہیں، جس کی بڑی وجوہات میں دارالحکومت میں شدید گرمی کے باعث بجلی کی بڑھتی طلب اور آبنائے ہرمز میں بحری نقل و حمل سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

دوہری شہریت رکھنے والوں کے حقوق بھی یکساں ہونے چاہئیں، زبیر جرال

پاکستان میں مقیم کشمیریوں کی تعداد سرکاری اعداد و شمار سے کہیں زیادہ ہے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان میں مقیم کشمیریوں کے انتخابی حقوق اور آزاد کشمیر اسمبلی کی 12 مہاجر نشستوں کے معاملے پر منعقدہ پریس کانفرنس میں سماجی و سیاسی کارکن و سابق مشیر ریاست آزاد جموں و کشمیر زبیر احمد جرال نے مطالبہ کیا ہے کہ پاکستان میں آباد کشمیریوں کے ساتھ کسی بھی قسم کا امتیازی سلوک نہ کیا جائے اور نمائندگی کے حوالے سے ہر شہری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد، سابق مشیر آزاد کشمیر زبیر جرال و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

امجد علی کا محمد عامر کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

جہانگیرہ (تحصیل رپورٹر) جہانگیرہ کے سماجی شخصیت امجد علی نے محمد عامر کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس غم کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

ریور گارڈن میں یوم شہادت امام زین العابدین کا سالانہ جلوس

سالانہ مجلس عزا کے بعد برآمد جلوس مسجد و امام بارگاہ سیدہ زینب میں اختتام پذیر ہوا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے یوم شہادت کے سلسلے میں امام بارگاہ بیت صاحب الزمان گلی 7 ریور گارڈن اسلام آباد میں سالانہ مجلس عزا منعقد ہوئی اور جلوس برآمد ہوا۔ جلوس اپنے مقررہ راستے سے ہوتا ہوا جامع مسجد و امام بارگاہ سیدہ زینب سلام اللہ علیہا میں اختتام پذیر ہوا۔ جلوس میں اہل علاقہ اور منسلک علاقوں کے مومنین و مومنات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

ویلج کونسلوں میں اسکولز میں چوکیداروں کی بھرتیوں پر شدید احتجاج

مقامی مستحق لوگوں کو نظر انداز کر کے باہر سے لوگوں کو بھرتی کیا گیا، فاروق تنولی

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی ہزارہ کے ڈویژنل صدر و سابق چیئرمین یونین کونسل لساں ٹھکرال مانسہرہ ملک فاروق تنولی نے یونین کونسل لساں ٹھکرال کی 3 ویلج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

ایبولا وائرس کا خوف، امریکا کی شہریوں کے سفر پر پابندی

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا نے کانگو میں پھیلنے والی ایبولا وبا کے پیش نظر وہاں موجود امریکی شہریوں کے فوری تجارتی پروازوں کے ذریعے وطن واپسی پر عارضی پابندی عائد کر دی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

لاہور، گداگروں کیخلاف کارروائی ٹریفک سگنلز کلیئر کرنے کا حکم

لاہور (آئی این پی) لاہور میں گداگروں کے خلاف ایک بار پھر سے بھرپور کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ چیف ٹریفک آفیسر لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے تمام ڈویژنل ایس پیز، سرکل افسران اور ٹریفک اہلکاروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

آئی ٹی پی، ایک ماہ میں 66 ہزار ڈرائیورز کیخلاف کارروائیاں

9847 گاڑیاں، موٹر سائیکل تھانہ بند، سنگین خلاف ورزیوں پر 379 مقدمات درج

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد ٹریفک پولیس کی ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف خصوصی کارروائیاں جاری۔ گزشتہ ایک ماہ کے دوران ٹریفک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

آئیسکو سب ڈویژن اڈیالہ کرپشن کا گڑھ بن کر رہ گیا

بجلی کے عام میٹر اور سولر میٹر لگانے کے لاکھوں وصول کیے جانے لگے

نیٹ میٹرنگ کی سرکاری فیس کم لیکن اوپر کا خرچ بہت آتا ہے، ملازم کی انوکھی منطق

اڈیالہ (نامہ نگار) آئیسکو سب ڈویژن اڈیالہ کرپشن کا گڑھ بن کر رہ گیا۔ بجلی کے عام میٹر اور سولر میٹر لگانے کے لاکھوں روپے وصول کیے جانے لگے، سولر نیٹ بلنگ کا میٹر لگانے کے تین لاکھ روپے مانگنے اور ڈیڑھ لاکھ روپے بذریعہ ایزی پیسہ وصول کرنے کے باوجود میٹر نہ لگانے کے خلاف صارف نے وزیر اعظم کے پوٹل پر شکائت اپ لوڈ کر دی۔ تفصیلات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کے احکامات کو ایل پی جی مافیا نے ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا

گوجر خان (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کے ایل پی جی گیس بابت احکامات کو گوجر خان انتظامیہ نے ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا، گوجر خان بھر میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

لاہور، دو خواتین اپنی سکوٹی پر جا رہی ہیں

کراچی، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پی ایس این ہمک، سہالہ و روات زونل کمیٹی کے اجلاس کا انعقاد

پیرا، فیڈرل بورڈ کی پالیسیوں، نجی تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل پر مشاورت

معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے اساتذہ کی مسلسل تربیت ناگزیر، مقبول ڈار

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) دی گریویٹی ایجوکیشن سسٹم، ہمک میں پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک (PSN) کے ہمک، سہالہ و روات زون کی زونل کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی میزبانی دی گریویٹی ایجوکیشن سسٹم کے پرنسپل اور پی ایس این ہمک، سہالہ و روات زون کے صدر انجم مجید خواجہ نے کی۔ اجلاس کے مہمانِ خصوصی پی ایس این کے مرکزی صدر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

پولیو ڈینگی کی روک تھام کیلئے مؤثر حکمت عملی اختیار کی جائے، ندیم ناصر

عوام میں آگاہی مہم، صفائی ستھرائی اور پانی جمع ہونے کے مقامات کے خاتمے پر خصوصی توجہ دی جائے، کیپٹن (ر) ندیم ناصر

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت محکمہ صحت کا پہلا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صحت عامہ کی صورتحال، پولیو کے خاتمے کی مہم، انسدادِ ڈینگی اقدامات اور آئندہ کی حکمت عملی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

راولپنڈی، شدید گرمی میں بڑھتی مانگ کے باعث ایک شخص دکان میں جنریٹر ٹھیک کر رہا ہے

ستھرا پنجاب صفائی کے نظام کو مزید مؤثر، غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، ڈی سی مری

ڈپٹی کمشنر مری کا مختلف عوامی، تعلیمی، طبی اور ترقیاتی منصوبوں کا دورہ، صفائی اور سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایات

سیاحتی مقامات پر صفائی، ٹریفک کی روانی اور عوامی سہولیات کو ہر صورت برقرار رکھا جائے، آغا ظہیر عباس شیرازی

راولپنڈی، بھاری مشینری سے خیابان سرسید میں مٹی کو ہٹایا جا رہا ہے

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے ضلع مری کے مختلف تعلیمی اداروں، طبی مراکز، ترقیاتی منصوبوں اور سیاحتی مقامات کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کا مقصد انتظامی امور کی نگرانی، عوامی سہولیات کی فراہمی، صفائی ستھرائی کے انتظامات، ترقیاتی منصوبوں کی رفتار اور امن و امان کی صورتحال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

احمدی نژاد اسرائیل کے مبینہ رجیم چینج منصوبے کا حصہ تھے، نیویارک ٹائمز

نیویارک (آئی این پی) امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے اپنی ایک رپورٹ میں دعوی کیا ہے کہ ایران کے سابق صدر محمود احمدی نژاد مبینہ طور پر اسرائیل کے ایران میں رجیم چینج منصوبے کا حصہ تھے اور ان کے اسرائیلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

آزاد کشمیر انتخابات میں مسلم لیگ کی کامیابی یقینی، ساجد عباسی

لیگی قیادت نے ہمیشہ ملک اور آزاد کشمیر کی ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح کو ترجیح دی ہے

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ کے سینئر نائب صدر راجہ ساجد محمود عباسی نے کہا ہے کہ آزاد جموں و کشمیر کے آئندہ عام انتخابات میں پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

اسلامک کلچرل سینٹر کی مودی کو ناروے کے اعلی اعزاز سے نوازنے کے فیصلے پر کڑی تنقید

اوسلو (کے ایم ایس) ناروے کے اسلامک کلچرل سینٹر نے بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کو "گرینڈ کراس آف دی رائل نارویجین آرڈر آف میرٹ" سے نوازنے کے فیصلے پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اسے "ناروے کے انسانی حقوق کے تشخص کے لیے ایک سیاہ دن" قرار دیا

سی ڈی اے سینی ٹیشن ڈائریکٹوریٹ کی نجکاری کسی صورت قبول نہیں، یٰسین

دارالحکومت کو صاف رکھنے میں مسیحی ملازمین کا کردار قابلِ تحسین رہا ہے، اورنگزیب خان

اسلام آباد (پ ر) سی ڈی اے سینی ٹیشن ڈائریکٹوریٹ کی نجکاری کسی بھی صورت قبول نہیں کی جائے گی اور اس حوالے سے ہر جمہوری و قانونی فورم پر ملازمین کے حقوق کا دفاع کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار سی ڈی اے مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین، صدر اورنگزیب خان، چیئرمین راجہ شاکر زمان کیانی، سپریم ہیڈ مرزا اسعید اختر، وارث دلیپ، طارق شریف، ملک دلشاد، سلیم بھٹی، فاروق نور، اشفاق گجر، کلیم اللہ زمری، فیصل خان، سلیم راجپوت، الیاس طفیل، رانا ندیم، حاجی جنید اور دیگر عہدیداران نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔ مزدور رہنماؤں نے کہا کہ سینی ٹیشن ڈائریکٹوریٹ کی نجکاری مسائل کا حل نہیں بلکہ اس سے ادارے کی کارکردگی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

راہزنی اور چوری کی وارداتوں میں ملوث سات ملزمان گرفتار

چوری شدہ موٹر سائیکلیں، قیمتی موبائل فونز، نقدی اور اسلحہ برآمد، مقدمات درج

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس کی بڑی کارروائی، راہزنی اور چوری کی وارداتوں میں ملوث سات ملزمان گرفتار۔ ملزمان کے قبضے سے چوری شدہ موٹر سائیکلیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

نوجوانوں میں ہنرمندی کے فروغ کا عالمی دن (آج) منایا جائے گا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں نوجوانوں میں ہنرمندی کے فروغ کا عالمی دن (آج) 15 جولائی کو منایا جائے گا۔ اس دن کو منانے کا مقصد نوجوانوں میں ہنرمندی کی اہمیت کے بارے میں آگاہی اور دلچسپی پیدا کرنا ہے۔

میجر طفیل محمد شہید کا 112 واں یوم پیدائش 22 جولائی کو منایا جائے گا

راولپنڈی (آئی این پی) نشان حیدر اعزاز حاصل کرنے والے پاک فوج کے بہادر سپوت میجر طفیل محمد شہید کا 112 واں یوم پیدائش 22 جولائی کو منایا جائے گا

خاقان خواجہ کی پارٹی عہدیداران کو عوام کے مسائل سننے کی ہدایت

عوام کو پتہ چلے کہ کوئی ان کا ہمدرد ہے جو انکے لیے کام کرنا چاہتا، سربراہ عوامی قوت پارٹی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے پارٹی عہدے داروں اور ورکرز کو ہدایت کی ہے کہ وہ عام عوام کے پاس جا کے ان کے مسائل سنیں اور ان کے حل کے لیے تجاویز دیں تا کہ ان پہ عمل کر کے پاکستان عوامی قوت پارٹی اپنے منشور پر مکمل عمل کر سکے۔ انہوں نے یہ ہدایت اپنی عیادت کو آنے والے پارٹی ورکرز اور عہدیداروں کو دی۔ خاقان وحید خواجہ نے عہدے داروں سے کہا کہ وہ ٹیکنیکل تعلیم، صحت اور عام آدمی کے مسائل حل کرنے کے لیے مختلف لوگوں کے گھروں میں جائیں پارٹی کا منشور گھر گھر پہنچائیں اور ایسا کریں کہ عوام کو پتہ چلے کہ کوئی ان کا ہمدرد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

کیرئیر گروپ ٹیچرز اور پرنسپلز کو ٹریننگ دیگا

ایل ایم ایس کے صحیح استعمال پر بھی مؤثر گائیڈ لائن بھی دیں گے، محمد عامر

اسلام آباد (پ ر) کریئر گروپ آف انسٹیٹیوشنز جولائی کے آخری ہفتے ٹیچر اور پرنسپلز ٹریننگ سیشن شروع کریں گے۔ جس میں مرحلہ وار پہلے گروپ سے انٹرمیڈیٹ کو پڑھانے والے ٹیچرز کو ٹریننگ دی جائے۔ انتظامی امور کی انجام دہی کے حوالے سے پرنسپلز کو بھی ٹریننگ دی جائے۔ ٹریننگ میں طریقہ تدریس اور فیڈرل بورڈ کے ترمیم کردہ پیٹرن کے مطابق ٹریننگ دی جائے گی۔ جس میں نصاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

لاہور، 6 ماہ میں جرائم کی 43 ہزار سے زائد وارداتیں رپورٹ

لاہور (آئی این پی) پولیس نے لاہور میں 6 ماہ کے دوران ہونے والے جرائم سے متعلق رپورٹ جاری کر دی۔ پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

کیپٹن عاصم قتل میں استعمال پستول آن لائن منگوانے کا انکشاف

ملزم سعد عباسی نے پستول شادی میں ہوائی فائرنگ کیلئے ہری پور سے منگوایا گیا تھا

اسلام آباد (آئی این پی) آن لائن ڈیلیوری کی سہولت خطرناک اشیا تک کے لیے بھی استعمال ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ یہ انکشاف گروپ کیپٹن عاصم طارق قتل کیس کی تفتیش میں سامنے آیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ پاک فضائیہ کے گروپ کیپٹن کے قتل میں استعمال ہونے والے پستول بھی ہری پور سے اسلام آباد آن لائن منگوایا گیا تھا، ملزم کے مطابق اس نے اپنے دوست کی شادی میں ہوائی فائرنگ کے لیے پستول منگوایا تھا۔ پولیس ذرائع کے مطابق لڑکی کو بچاتے ہوئے گروپ کیپٹن عاصم طارق کو جس پسٹل سے قتل کیا گیا، اس کی ہری پور سے آن لائن آرڈر سے ہوم ڈیلیوری کروائی گئی تھی۔ ملزم سعد عباسی کے مطابق اس نے چند ماہ پہلے دوست کی شادی میں ہوائی فائرنگ کے لیے پسٹل آرڈر کیا تھا۔

سینئر رہنما جے کے پی پی منصف خان کے بیٹے کا انتقال

چند دن پہلے کھوٹہ کے مقام پر روڑ ایکسیڈینٹ میں زخمی ہو گئے تھے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) جموں کشمیر پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سردار محمد منصف خان دھار ترچھ حسین کوٹ کے جواں سال فرزند محمد وقاص منصف جو چند دن پہلے کھوٹہ کے مقام پر روڑ ایکسیڈینٹ میں زخمی ہو گئے تھے پمز ہسپتال میں انتقال کر گئے اور کی میت کو آبائی گاؤں لایا گیا جہاں ان کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی نماز جنازہ میں مذہبی سیاسی وسماجی افراد کے علاوہ مقامی افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی بعد میں انہیں سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں آبائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

بھارت عالمی سلامتی کا داعی مگر اندرونِ ملک اقلیتیں مسلسل عدم تحفظ کا شکار، رپورٹ

نئی دلی (کے ایم ایس) بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی ایک جانب عالمی سطح پر بھارت کو امن وسلامتی کے علمبردار کے طور پر پیش کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب بھارت میں مذہبی اقلیتوں خصوصا مسلمان عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ بھارت کے تقریبا 20 کروڑ مسلمان، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

ماشکی میں مزدوروں پر فائرنگ افسوسناک واقعہ، سلمان رفیق

سیکرٹری ایمرجنسی سروسز میتوں کی منتقلی کے عمل کی خود مانیٹرنگ کر رہے ہیں

لاہور (صباح نیوز) وزیر صحت و ایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے بلوچستان کے علاقہ ماشکی میں مزدوروں کے افسوس ناک واقعہ پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ماشکی بلوچستان میں نہتے مزدوروں پر فائرنگ انتہائی افسوس ناک واقعہ ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر شہداء ماشکی کو آبائی علاقوں میں تکریم کیساتھ منتقل کرنے کے انتظامات کر دیئے گئے ہیں۔ سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر شہداء (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

SHEHAR NAMA Islamabad

شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں

★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔

★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے

★ آپ کا حق تلف کیا گیا

★ آپ کو کہیں خوامخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے

★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں

★ آپ اگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں

★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے

★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں

★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انوسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

Email:sheharnama@gmail.com

0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے

SPS

شہکی پرنٹرز

جنرل آرڈر سپلائر

شادی کارڈ

ارجنٹ اینڈ ہول سیل

پینا فلیکس ڈیجیٹل

اوریجنل انک ویدر پروف پرنٹس

ایوارڈ شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ

وزیٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر

ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد

0333-5108083
0315-5108083